کوئٹہ بلوچستان اور راولاکوٹ آزادکشمیر سے بیک وقت شائع ہونیوالا پہلا قومی اخبار

Daily FARZAND-E-KASHMIR Quetta

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ فرزندِ کشمیر کوئٹہ راولاکوٹ

بانی: محمد شوکت

Web:- www.farzand-e-kashmir.pk

جلد18 | پیر 14 ستمبر 2026ء | 03 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5روپے | شمارہ نمبر473

وزیراعظم کا عالمی منڈی میں بڑھتی تیل کی قیمتوں کا عوام پر بوجھ بڑھنے کا نوٹس، ریلیف سکیم کا اجراء

موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور 800 سی سی تک گاڑی استعمال کرنے والوں کے لیے پیٹرول پر فی لیٹر 100 روپے کا ریلیف دیا جائیگا، وزیراعظم

اسلام آباد کی حدود میں اسکا اطلاق آئندہ پیر اور منگل کی درمیانی شب کر دیا جائیگا، پاکستان میں بشمول کشمیر اور گلگت بلتستان میں اطلاق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب میں کیا جائیگا

لاہور(این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے مشرق وسطیٰ میں حالیہ کشیدگی اور اسکے باعث عالمی منڈی میں بڑھتی ہوئی تیل کی قیمتوں کا عوام پر بوجھ بڑھنے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ایک خصوصی ریلیف سکیم کا اجراء کر دیا ہے جس کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور 800 سی سی تک گاڑی استعمال کرنے والوں کے لیے پیٹرول پر فی لیٹر 100 روپے کا ریلیف دیا جائیگا، اسلام آباد کی حدود میں اسکا اطلاق آئندہ پیر اور منگل کی درمیانی شب کر دیا جائیگا، پورے پاکستان میں بشمول کشمیر اور گلگت بلتستان، اسکا اطلاق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب میں کیا جائیگا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ تیل کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے عوام پر پڑنے والے بوجھ کا حکومت (بقیہ 2صفحہ 3پر)



کوئٹہ، آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونین کے صوبائی صدر حاجی رمضان اچکزئی بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان و دیگر رہنما پریس کانفرنس کر رہے ہیں

وزیراعظم آفس نے ادویات کی مقامی خریداری کیلئے ٹینڈرز طلب کر لئے

اسلام آباد اور راولپنڈی کی رجسٹرڈ ادویات فراہم کرنے والی فرمز بولیاں جمع کرا سکیں گی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم آفس نے ادویات کی مقامی خریداری کے لیے ٹینڈرز طلب کر لیے۔ اسلام آباد اور راولپنڈی کی رجسٹرڈ ادویات فراہم کرنے والی فرمز بولیاں جمع کرا سکیں گی، بولی دینے والی فرموں کا ای پیڈز پر رجسٹرڈ ہونا ضروری قرار دیا گیا ہے جبکہ فرموں کے پاس فعال جی ایس ٹی اور این ٹی این نمبر ہونا بھی لازمی ہوگا۔ دستاویزات (بقیہ 3صفحہ 3پر)

القاعدہ کیخلاف سب سے نمایاں کامیابیاں پاکستان کی انسداد دہشتگردی کوششوں اور فعال تعاون کے ذریعے حاصل کی گئیں، عاصم افتخار

سلامتی کونسل دہشت گردی کے خلاف موجودہ نظام سے مایوس، خامیاں دور کرے، پاکستان

پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں، انٹیلی جنس تعاون اور بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ سکیورٹی ہم آہنگی نے القاعدہ کی صلاحیتوں کو نمایاں حد تک کم کیا ہے، عاصم افتخار

سلامتی کونسل نے 25 سال قبل ہنگامی بنیادوں، اتحاد اور عزم کے ساتھ ردعمل دیا تھا لیکن اس کے بعد سے دہشت گردی کے خطرے کی نوعیت بدل چکی ہے

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف نئے، جامع اور دور اندیش بین الاقوامی ردعمل کا مطالبہ کرتے ہوئے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل پر زور دیا ہے کہ وہ دہشت گردی کے ابھرتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کیلئے اپنے انسداد دہشت گردی کے ڈھانچے کو مضبوط بنائے اور پابندیوں کے موجودہ نظام میں پائی جانے والی خامیوں کو دور کرے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر عاصم افتخار احمد نے دہشت گردی کی کارروائیوں سے بین الاقوامی امن اور سکیورٹی کو لاحق خطرات نائن الیون کے 25 سال بعد۔ دہشت گردی کے خلاف سلامتی کونسل کی لڑائی کی تجدید کے موضوع پر سلامتی کونسل میں خطاب کرتے ہوئے سات پاکستانیوں سمیت نائن الیون کے دہشت گرد حملوں کا نشانہ بننے والوں کو خراج تحسین پیش کیا اور امریکی حکومت اور عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ نائن الیون پر عالمی ردعمل کا ذکر کرتے ہوئے سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا کہ ان حملوں کے نتیجے میں سلامتی کونسل نے فوری کارروائی کی جس (بقیہ 1صفحہ 3پر)



قلات، ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری ہندو محلے کے دورے کے موقع پر اقلیتی کمیونٹی کے مسائل سن رہی ہیں

چیئرمین سینیٹ گیلانی کی قائدانہ بصیرت سے پاکستان کی پارلیمانی سفارت کاری مزید مستحکم

پذیرائی کمبوڈیا میں منعقد ہونے والی دوسری بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس یوسف رضا گیلانی کی قیادت اور فعال کردار کے اعتراف میں کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی پارلیمانی سفارت کاری کے فروغ اور دنیا بھر کی پارلیمانوں کے ساتھ پاکستان کے روابط مزید مضبوط بنانے کیلئے مسلسل کاوشوں کو بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس (آئی ایس سی) کی جانب سے سراہا گیا ہے، یہ پذیرائی 26 سے 28 اگست 2026ء کو کمبوڈیا کے دارالحکومت نوم پنہ میں منعقد ہونے والی دوسری بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس (ISC-2) میں ان کی قیادت اور فعال کردار کے اعتراف میں کی گئی۔ آئی ایس سی کے سیکرٹری جنرل معزز ایک ناتھ ڈھکال نے چیئرمین سینیٹ (بقیہ 4صفحہ 3پر)

پٹرول چند روز میں 30 روپے مہنگا، عوام و تاجروں پر معاشی ظلم ہے، ترجمان کاشف حیدری

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے سے مہنگائی کی نئی لہر کا خدشہ، کاروباری طبقہ پہلے ہی شدید مشکلات کا شکار ہے

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صوبائی ترجمان کاشف حیدری نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ چند ہی روز کے دوران پٹرول کی قیمت میں تقریباً 30 روپے فی لیٹر اضافہ عوام اور کاروباری طبقے کے لیے ناقابلِ برداشت بوجھ اور عوام سمیت تاجروں پر معاشی ظلم ہے۔

ایران کے ساتھ جنگ مڈٹرم انتخابات کے بعد ختم ہو جائے گی، ٹرمپ کا دعویٰ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ (بقیہ 44صفحہ 3پر)

روس۔یوکرین جنگ بندی کے علاقائی اور عالمی اثرات بھی انتہائی مثبت ہوں گے، عبدالقادر

جی 20 اجلاس میں ممکنہ پیوٹن، زیلنسکی ملاقات روس، یوکرین جنگ کے خاتمے کی جانب اہم سفارتی پیش رفت ثابت ہوسکتی ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار، سینیٹر محمد عبدالقادر نے اپنے ایک خصوصی بیان میں کہا ہے کہ یوکرینی صدر ولادیمیر زیلنسکی کی جانب سے دسمبر میں میامی میں ہونے والے جی 20 اجلاس کے موقع پر روسی صدر ولادیمیر پیوٹن سے ملاقات پر آمادگی روس۔یوکرین جنگ کے خاتمے کی کوششوں میں ایک اہم سفارتی پیش رفت ثابت ہوسکتی ہے۔ تاہم روسی صدر کی اجلاس میں شرکت اور دونوں رہنماؤں کی ملاقات تاحال حتمی نہیں ہوئی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پائیدار قیام امن کے لیے دونوں رہنماؤں کو ملاقات، براہِ راست بات چیت اور نتیجہ خیز فیصلوں کی جانب بڑھنا ہوگا۔ روس کی جانب سے زیلنسکی کو ماسکو میں مذاکرات کی دعوت پہلے ہی دی جا چکی ہے، تاہم جی 20 جیسے غیر جانبدار عالمی پلیٹ فارم کے موقع پر براہِ راست ملاقات زیادہ قابلِ عمل راستہ فراہم کرسکتی ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ پیوٹن۔زیلنسکی ملاقات محض ایک رسمی سفارتی رابطہ نہیں ہونی چاہیے بلکہ اسے جنگ بندی اور مستقل امن کی جانب حقیقی پیش رفت کا ذریعہ بنایا جانا چاہیے۔ مذاکرات میں سلامتی کی ضمانتوں، علاقائی و سرحدی تنازعات، قیدیوں کے تبادلے، توانائی اور غذائی تنصیبات کے تحفظ، (بقیہ 6صفحہ 3پر)

پیٹرولیم لیوی کا پیٹرول کی قیمت سے کوئی تعلق نہیں، حافظ نعیم الرحمٰن

پیٹرولیم لیوی کو عوام نے بھتا ٹیکس قرار دیا ہے، 20 ستمبر کو اسلام آباد میں چاروں طرف سے آئیں گے، امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ پیٹرولیم لیوی کا پیٹرول کی قیمت سے کوئی تعلق نہیں، ایک مافیائی سسٹم کے تحت چند افراد کو فائدہ پہنچانے کے لیے ظلم کیا جارہا ہے، پیٹرولیم لیوی کو عوام نے بھتا ٹیکس قرار دیا ہے، ہر گزرتے دن کے ساتھ دھرنوں میں عوام کی تعداد بڑھ رہی ہے، پورے ملک میں جماعت اسلامی (بقیہ 5صفحہ 3پر)

پارلیمانی سیکرٹری، بہبود آبادی پرنس آغا عمر جان اور سیکرٹری بہبود آبادی نے تاحال محکمے میں کسی بھی قسم کی کوئی تقرری عمل نہیں لائی ہے

پارلیمانی سیکرٹری اور سیکرٹری، بہبود آبادی کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے والے عناصر من گھڑت اور جھوٹی افواہیں پھیلانے سے باز آجائیں، ترجمان

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکریٹری برائے بہبودِ آبادی پرنس آغا عمر جان کے ترجمان نے کہا ہے کہ پارلیمانی سیکرٹری بہبود آبادی پرنس آغا عمر جان اور سیکرٹری بہبود آبادی نے تاحال محکمے میں کسی بھی قسم کی کوئی تقرری عمل نہیں لائی ہے پارلیمانی سیکرٹری اور سیکرٹری بہبود آبادی کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے والے عناصر من گھڑت اور جھوٹی افواہیں پھیلانے سے باز آجائیں

افغانستان پڑوسی ملک پاکستان کیخلاف دہشتگردی کا اہم مرکز بن چکا ہے، رپورٹ

القاعدہ اور دیگر دہشت گرد تنظیموں نے افغانستان کے کم از کم 14 صوبوں میں قدم جما لیے ہیں، واشنگٹن پوسٹ

اسلام آباد، واشنگٹن (این این آئی) امریکہ کے مؤقر جریدے واشنگٹن پوسٹ نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ نائن الیون کے 25 سال بعد افغانستان ایک بار پھر القاعدہ کیلئے تربیتی مرکز بن رہا ہے۔ واشنگٹن پوسٹ کی خصوصی رپورٹ میں کہا گیا کہ طالبان رجیم کے اقتدار میں آنے کے بعد القاعدہ نے افغانستان میں کم از کم 8 نئے تربیتی مراکز قائم کیے، طالبان رجیم نے القاعدہ اور دیگر دہشت گرد گروہوں کیلئے افغانستان میں ایک مایوس کن ماحول پیدا کر رکھا ہے۔ رپورٹ کے مطابق القاعدہ کے محفوظ ٹھکانے اور تربیتی کیمپ افغانستان کے مختلف علاقوں میں دوبارہ فعال ہو رہے ہیں، القاعدہ اور دیگر دہشت گرد تنظیموں نے افغانستان کے کم از کم 14 صوبوں میں قدم جما لیے ہیں۔ واشنگٹن پوسٹ کے مطابق افغانستان میں القاعدہ اب صرف پناہ گاہ نہیں بلکہ دیگر دہشت گرد گروہوں کو تربیت اور مشاورت فراہم کرنے کا کردار ادا کر رہی ہے، (بقیہ 7صفحہ 3پر)

حقوق کے حصول کے لیے لانگ مارچ، دھرنے اور پُرامن جمہوری احتجاج ہمارا آئینی و جمہوری حق ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن

پٹرولیم مصنوعات پر لیوی کے نام پر بھتہ خوری، بلوچستان میں بدامنی، دہشت گردی، بارڈرز اور شاہراہوں کی بندش کے خلاف آج بھی صرف جماعت اسلامی ملک بھر میں عوامی احتجاج کی قیادت کر رہی ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات پر لیوی کے نام پر بھتہ خوری، بلوچستان میں بدامنی، دہشت گردی، بارڈرز اور شاہراہوں کی بندش کے خلاف آج بھی صرف جماعت اسلامی ملک بھر میں عوامی احتجاج کی قیادت کر رہی ہے۔ 20 ستمبر کا اسلام آباد لانگ مارچ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جماعت اسلامی کے تمام سطح کے ذمہ داران بھرپور تیاریاں شروع کریں۔ بلوچستان کو ایک لاوارث، ریگستان اور نوگو ایریا بنایا جا رہا ہے۔ عوام بدامنی، بے روزگاری، مہنگائی، سڑکوں اور بارڈرز کی بندش سمیت سنگین مسائل کا شکار ہیں، مگر حکمرانوں اور متعلقہ اداروں کی بے حسی میں کوئی کمی نہیں آئی۔ جماعت (بقیہ 19صفحہ 3پر)

مقبوضہ جموں و کشمیر میں محکمہ صحت کے ملازمین کی ہڑتال پانچویں روز بھی جاری

صحت کے شعبے میں اہم کردار ادا کرنے کے باوجود انہیں بدستور ملازمت کے عدم تحفظ اور کم اجرتوں کا سامنا ہے

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں ہیلتھ مشن کے تحت بھرتی کیے گئے 12 ہزار سے زائد محکمہ صحت کے ملازمین نے ملازمت کی جامع پالیسی، تنخواہوں میں نظر ثانی اور سماجی تحفظ کی سہولیات سمیت اپنے دیرینہ مطالبات کے حق میں اتوار کو پانچویں روز بھی ہڑتال اور احتجاج جاری رکھا۔

بلوچستان کے کالجز میں تمام تقریبات اور تنظیمی سرگرمیوں پر پابندی عائد کردی گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے کالجز میں تمام تقریبات اور تنظیمی سرگرمیوں پر پابندی عائد کردی گئی۔ ڈائریکٹوریٹ آف کالجز اینڈ ہائر ایجوکیشن بلوچستان نے صوبے کے تمام سرکاری بوائز، گرلز، پوسٹ گریجویٹ، (بقیہ 23صفحہ 3پر)

محکمہ صحت میں تعیناتیوں میں میرٹ، سنیارٹی اور متعلقہ پیشہ ورانہ اہلیت کو یقینی بنایا جائے، ڈاکٹر نعیم زرکون

اسپیشلسٹ کیڈر کے ڈاکٹرز کے سروس اسٹرکچر پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) بلوچستان کے صدر ڈاکٹر نعیم زرکون کی زیر صدارت اتوار کو ایک تعارفی و مشاورتی اجلاس آر بی سی سینٹر کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ جس میں پی ایم اے بلوچستان، وائی ڈی اے بلوچستان، پی ایم اے کوئٹہ زون، سینئر اراکین اور ڈاکٹر زکمیونٹی کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کا آغاز تلاوتِ کلام (بقیہ 20صفحہ 3پر)

شاہرگ میں کوئلہ کان میں گیس بھرنے کے باعث دھماکے سے 4 کانکن جاں بحق جبکہ 5 شدید زخمی ہوگئے

کوئٹہ (این این آئی) شاہرگ میں کوئلہ کان میں گیس بھرنے کے باعث دھماکے سے 4 کانکن جاں بحق جبکہ 5 شدید زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق اتوار کو (بقیہ 8صفحہ 3پر)



کوئٹہ، اہلسنت و جماعت کے رہنما ء ذوالفقار طارق سے حافظ یوسف مسکانزئی روحانی کلینک میں ملاقات کر رہے ہیں

لوکل گورنمنٹ میں مختلف ترقیاتی کاموں کیلئے جمع کرائے گئے ٹینڈر واپس کئے گئے ہیں، نثار احمد بگٹی

میرٹ پر ٹھیکیداروں کو ٹینڈر جاری کئے جائیں گے، ڈائریکٹر ٹیکنیکل ساتھ (پروجیکٹ کوارڈی نیٹر)

کوئٹہ (این این آئی) ڈائریکٹر ٹیکنیکل ساتھ (پروجیکٹ کوارڈی نیٹر) نثار احمد بگٹی نے کہا ہے کہ محکمہ لوکل گورنمنٹ کے مختلف کاموں کیلئے ٹھیکیداروں نے ٹینڈر جمع کرائے تھے جنہیں ٹھیکیداروں کی موجودگی میں اوپن کیا گیا ہے اور اس امر کو یقینی بنایا گیا ہے کہ کسی بھی ٹھیکیدار کی حق تلفی نہ ہو اور مطلوبہ شرائط پر پورا اترنے والے ٹھیکیداروں کو ترقیاتی (بقیہ 10صفحہ 3پر)

عمران خان کے وکیل نعیم حیدر پنجوتھہ کے خلاف بجلی چوری کا مقدمہ درج

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما اور بانی پی ٹی آئی عمران خان (بقیہ 9صفحہ 3پر)

عوام کو مبینہ طور پر تنگ کرنے اور رشوت خوری کے الزامات پر چمن پولیس کے متعدد افسران اور اہلکاروں کو معطل کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) عوام کو مبینہ طور پر تنگ کرنے اور رشوت خوری کے الزامات پر چمن پولیس کے متعدد افسران اور اہلکاروں کو معطل کر دیا گیا۔ معطل اہلکاروں کے خلاف (بقیہ 22صفحہ 3پر)

آئی ایم ایف مشن کی رواں ماہ پاکستان آمد کی تاحال تصدیق نہیں ہوسکی

آئی ایم ایف جائزہ مذاکرات، پاکستان کو نئے اہداف اور شرائط سے آگاہ کیے جانے کا امکان

اسلام آباد/نیویارک (این این آئی) آئی ایم ایف مشن کی رواں ماہ پاکستان آمد کی تاحال تصدیق نہیں ہوسکی جبکہ وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق امکان ہے کہ آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات ورچوئلی ہوں۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا (بقیہ 21صفحہ 3پر)

برکس اجلاس کے موقع پر میر واعظ عمر فاروق کی ایرانی صدر، وزیر خارجہ سے ملاقات

جنگوں کے خاتمے، انصاف کی فراہمی، مذاکرات اور سفارت کاری پر زور

نئی دہلی (این این آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس کے سینئر رہنما میر واعظ عمر فاروق نے جنگوں کے خاتمے اور مذاکرات اور سفارت کاری پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ انصاف کے بغیر امن قائم نہیں کیا جا سکتا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق میر واعظ نے یہ باتیں نئی دہلی میں برکس سربراہی اجلاس کے موقع پر ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہیں۔

ڈیرہ مراد جمالی صدر پولیس کی کارروائی نان کسٹم پیڈ کار کو ضبط کر کے کسٹم کے دو اہلکاروں کو حراست میں لے لیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی صدر پولیس کی کارروائی نان کسٹم پیڈ کار کو ضبط کر کے کسٹم کے دو اہلکاروں کو حراست میں لے لیا گیا مقدمہ درج (بقیہ 11صفحہ 3پر)

احسن اقبال کا لیاقت بلوچ سے رابطہ، مذاکرات کے تیسرے دور کیلئے ایک روز کی مہلت مانگ لی

وفاقی وزیر نے وزیراعظم کا پیغام پہنچایا، وزیراعظم چاہتے ہیں لیوی پر مذاکرات منگل کو ہوں، لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ سے رابطہ کر کے مذاکرات کے تیسرے دور کے لیے مزید ایک روز کی مہلت مانگ لی۔

غزہ، اسرائیلی فوج کی بمباری سے 2 فلسطینی شہید

فضائی حملے میں شہید ہونے والے فلسطینیوں کی شناخت معلوم نہیں ہوسکی، ہلال احمر

غزہ (این این آئی) غزہ پر اسرائیلی فوج کی فضائی بمباری سے کم از کم 2 فلسطینی شہید ہوگئے۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی فضائیہ نے غزہ شہر کے علاقے تل الہوی میں چلتی گاڑی کو میزائل سے نشانہ بنایا۔ فلسطینی ہلال احمر کے مطابق فضائی حملے میں شہید ہونے والے فلسطینیوں کی شناخت معلوم نہیں ہو سکی ہے۔ مقامی ہلال احمر حکام کا یہ بھی کہنا تھا کہ اسرائیلی حملے میں 13 فلسطینی زخمی ہوئے۔

وفاقی آئینی عدالت اور سپریم کورٹ میں چھٹیاں ختم، اہم کیسز سماعت کیلئے مقرر

سپریم کورٹ میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہسپتال منتقلی سمیت دیگر درخواستوں پر سماعت بدھ کو ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) ملک کی عدالتوں میں موسم گرما کی (بقیہ 12صفحہ 3پر)

ہمیں تشدد کے بجائے قلم، تباہی کے بجائے ترقی اور نفرت کے بجائے امن کا راستہ اختیار کرنا ہوگا، ضیاء لانگو

حکومت نے کبھی مذاکرات سے انکار نہیں کیا تاہم بندوق کے زور پر مذاکرات کسی صورت نہیں ہوں گے، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ ہمیں تشدد کے بجائے قلم، تباہی کے بجائے ترقی اور نفرت کے بجائے امن کا راستہ اختیار کرنا ہوگا حکومت نے کبھی مذاکرات سے انکار نہیں کیا تاہم بندوق کے زور پر مذاکرات کسی صورت نہیں ہوں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہمیں اب اس بحث سے نکلنا ہوگا کہ مذاکرات کس سے ہونے چاہئیں اور کس سے نہیں، بلکہ اپنی توجہ بلوچستان اور پاکستان کی ترقی، امن، خوشحالی اور عوام کے بہتر مستقبل پر مرکوز کرنا ہوگی ہمیں مل کر دہشت گردی، تشدد اور نفرت کو مسترد کرنا ہوگا جو عناصر ہمارے امن کو تباہ، عوام کو تقسیم اور معصوم جانوں کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں، ان کے عزائم کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا ہماری اصل طاقت اتحاد، تعلیم، محنت، شعور اور اپنے وطن سے محبت ہے نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ قلم کو اپنا ہتھیار (بقیہ 13صفحہ 3پر)



کوئٹہ، المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی بلوچستان کے زیر اہتمام نظام مصطفیٰ ﷺ اور ملک کی بقاء کے سیمینار کے موقع پر جماعت اہلسنت بلوچستان کے امیر سید حبیب اللہ شاہ چشتی خطاب کر رہے ہیں

پاکستان پیپلز پارٹی کو بلوچستان میں گراس روٹس لیول تک مزید مضبوط، منظم اور فعال بنایا جائے گا

پارٹی میں کارکن ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں انکے جائز مسائل کو ہر صورت حل کیا جائے گا، پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر و سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر و سینیٹر سردار عمر گورگیج اور مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن و سابق صوبائی وزیر سردار باز محمد خان کھیتران نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کو بلوچستان میں گراس روٹس لیول تک مزید مضبوط، منظم اور فعال بنایا جائے گا کارکنوں کے ساتھ رابطوں کو مزید مؤثر اور یونٹ، یوسی، تحصیل، ضلع اور (بقیہ 24صفحہ 3پر)

جنوبی کشمیر اور جموں میں بھارتی ایجنسیوں کی چھاپہ مار کارروائیاں

ہزاروں کشمیری کسی مقدمے کے بغیر یو اے پی اے اور پبلک سیفٹی ایکٹ جیسے کالے قوانین کے تحت جیلوں میں نظر بند ہیں

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی ایجنسیوں نے اتوار کے روز مختلف مقامات پر چھاپہ مار کارروائیاں کیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق کاؤنٹر انٹیلی جنس کشمیر (سی آئی کے) نے جنوبی کشمیر کے شوپیاں اور کولگام اضلاع میں متعدد مقامات پر چھاپے مارے اور تلاشیاں لیں۔ سی آئی کے کی ٹیموں نے بھارتی فورسز کے ساتھ ملکر یہ کارروائیاں کیں۔ ایک الگ کارروائی میں ریاستی تحقیقاتی ایجنسی (ایس آئی اے) نے جموں خطے میں پانچ مقامات پر چھاپے مارے جن میں سے چار پونچھ اور ایک ادھم پور میں واقع ہے۔

آٹے کی ترسیل میں رکاوٹیں دور اور نرخوں میں کمی لائی جائے، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں آٹے کی قیمتوں میں کمی نہ آنا اور پنجاب و سندھ سے بلوچستان کو آٹے کی ترسیل نہ ہونے پر سخت افسوس اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافے ا(بقیہ 15صفحہ 3پر)

خطے کی غیر یقینی صورتحال کے باوجود پاکستان کی ایران سے درآمدات میں اضافہ

رواں مالی سال کے پہلے 2ماہ کے دوران پاکستان کی ایران سے درآمدات کا حجم 24 کروڑ 80لاکھ ڈالر رہا

اسلام آباد (این این آئی) خطے کی غیر یقینی صورتحال کے باوجود پاکستان کی ایران سے درآمدات میں اضافہ ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے 2ماہ کے (بقیہ 25صفحہ 3پر)

ملک کے مخصوص اضلاع میں انسداد پولیو مہم 21 ستمبر سے شروع ہوگی

مہم کے دوران 3 کروڑ 10لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) پنجاب، سندھ، اسلام آباد، بلوچستان، خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں انسداد پولیو مہم 21 ستمبر سے شروع ہوگی۔ انسداد پولیو پروگرام کے مطابق ملک کے 115 مخصوص اضلاع میں انسداد پولیو کی ذیلی قومی مہم 27 ستمبر تک جاری رہے گی۔ مہم کے دوران 3 کروڑ 10لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔

عالمی طاقتوں کو طاقت کے بجائے انصاف، خودمختاری اور باہمی احترام کے اصولوں کو ترجیح دینا ہوگی، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

جب تک دنیا پر چند طاقتوں کی بالادستی، دوہرے معیار اور مداخلت پسندانہ پالیسیوں کا خاتمہ نہیں ہوتا اس وقت تک حقیقی عالمی امن کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ دنیا میں امن و امان کی تباہی اور مختلف خطوں میں جاری بدامنی کے پیچھے امریکی بالادستی اور اس کی مداخلت پسندانہ پالیسیوں کا بنیادی کردار ہے، امریکہ نے اپنے مفادات کے حصول کے لیے دنیا کے مختلف ممالک میں جنگوں، سیاسی عدم استحکام اور معاشی دباؤ کو فروغ دیا، جس کے منفی اثرات آج بھی پوری دنیا کو بھگتنا پڑ رہے ہیں، (بقیہ 14صفحہ 3پر)



لورالائی، ڈپٹی کمشنر محمد حسیب شجاع انسداد بھنگ منشیات کے کاشت کے خلاف کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گنداواہ میں ماؤں اور بچوں کی صحت و صفائی ہفتہ، 14 تا 19 ستمبر منایا جائے گا، ڈاکٹر علی خان مگسی

گنداواہ (این این آئی) صوبہ بھر کی طرح ضلع جھل مگسی میں ڈی ایچ او آفس اور آر ایچ سی جھل مگسی میں ڈی ایچ او جھل مگسی ڈاکٹر علی خان مگسی کی سربراہی میں ماؤں اور بچوں کی صحت و صفائی ہفتہ 14 تا 19 ستمبر آگاہی مہم اور واک کا اہتمام کیا گیا جس میں ماؤں اور بچوں کی صحت و صفائی کے حوالے سے صحت مند بچے، خوشحال خاندان کے عنوان سے ہفتہ صحت (بقیہ 17صفحہ 3پر)

چینی صدر کی مودی کے عشائیے میں عدم شرکت، تعلقات کی پیچیدہ نوعیت عیاں

ملاقات سے متنازعہ سرحد پر کئی برس کی فوجی کشیدگی کے بعد تعلقات کو مستحکم کرنے کی ایک محتاط کوشش کا عندیہ ملا، سیاسی تجزیہ کار

نئی دہلی (این این آئی) چین کے صدر شی جن پنگ کی جانب سے نئی دہلی میں بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کی طرف سے برکس رہنماؤں کے اعزاز میں دیے گئے عشائیے میں شرکت نہ کرنے کے فیصلے نے بھارت اور چین کے تعلقات کی پیچیدہ نوعیت کو عیاں کیا ہے۔

کراچی، رینجرز اور سی ٹی ڈی کی کارروائیاں، 2 دہشتگرد ہلاک

مارا جانے والے فتنہ الخوارج کا دہشتگرد افغان سرحد سے منسلک پاکستانی پوسٹوں پر کئی حملوں میں ملوث رہا، ترجمان رینجرز

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے گلبائی شیر شاہ میں خفیہ معلومات پر رینجرز اور سی ٹی ڈی کی کارروائی میں فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والا دہشت گرد ہلاک ہو گیا۔ ترجمان رینجرز کے مطابق ہلاک ہونے والے دہشتگرد ضیاء الرحمٰن عرف سیف اللہ سے اسلحہ اور بارود برآمد ہوا ہے۔ ہلاک ہونے والے دہشت گرد کا تعلق خیبر پختون خوا کے شہر باجوڑ سے تھا اور اُس نے 2006ء میں فتنہ الخوارج میں شمولیت اختیار کی تھی۔ ترجمان نے بتایا کہ مارا جانے والا دہشت گرد افغان سرحد سے منسلک پاکستانی پوسٹوں پر کئی حملوں میں ملوث رہا۔ ترجمان رینجرز نے بتایا کہ ضیاء الرحمٰن حال ہی میں افغانستان سے کراچی رہائش پذیر ہو گیا تھا اور یہاں سے دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے نیٹ ورک منظم کر رہا تھا، دوسری کارروائی سندھ رینجرز کے ہمراہ گلبائی شیر شاہ کے علاقے میں کی گئی، اس کارروائی کے دوران ہونے والے مقابلے میں ایک دہشتگرد ہلاک ہوا۔

صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ کا شاہرگ کوئلہ کان میں حادثے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار

زیارت (این این آئی) صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے ہرنائی کے علاقے شاہرگ کوئلہ کان میں زہریلی گیس بھرنے سے دھماکے میں 4 کانکنوں کے جاں بحق اور 5 کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر اور ڈسٹرکٹ فوکل پرسن نے جاں بحق کانکنوں کے سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی کا (بقیہ 18صفحہ 3پر)



دکی، ماں اور بچے صحت کے حوالے سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر دکی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

ایف بی آر نے 35 لاکھ چھوٹے تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے مہم شروع کر دی

20 کروڑ روپے تک سالانہ ٹرن اوور والے دکانداروں کو ایک فیصد ٹیکس دینا ہوگا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے 35 لاکھ چھوٹے تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے مہم شروع کر دی۔ ایف بی آر نے رجسٹریشن کیلئے اردو اور علاقائی (بقیہ 16صفحہ 3پر)

کوئٹہ اور آزاد کشمیر سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
Daily FARZAND-E-KASHMIR
روزنامہ فرزندِ کشمیر
چیف ایڈیٹر: محمد شوکت

چیف ایڈیٹر و پبلشر: محمد شوکت نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ فرزند کشمیر کوئٹہ آفس نمبر 1 سیکنڈ فلور یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
(موبائل نمبر 0300-3843995) فون نمبر:۔ 0812869391
فیکس نمبر:۔, 0512204192, 0812869207
نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر منگ روڈ راولاکوٹ آزاد کشمیر سے شائع کیا۔

باب المندب پر حوثی کنٹرول کا دعویٰ! ایران کی مبارکباد اور ٹرمپ کا کارروائی سے انکار

یمن کے باغی حوثیوں نے باب المندب پر مکمل کنٹرول حاصل کرنے اور المخا ائیرپورٹ اور یمن کے چھ اہم اضلاع پر قبضہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ ایران نے اس مبینہ اقدام پر حوثیوں کو مبارکباد دی ہے جبکہ امریکی صدر ٹرمپ نے حوثیوں کے خلاف کارروائی سے انکار کر دیا ہے۔ گذشتہ روز سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے امریکی صدر سے ٹیلی فونک رابطے کی دوبارہ کوشش کی تاہم ان کا ٹرمپ سے رابطہ نہ ہو سکا۔ امریکی میڈیا کے مطابق صدر ٹرمپ نے سعودی عرب کو کسی نئے محاذ سے گریز کا مشورہ دیا ہے تاہم سعودی سفارتخانے اور وائیٹ ہاو؟س کی جانب سے امریکی صدر کے اس مشورے پر تبصرے سے معذرت کر لی گئی ہے۔ امریکی نیوز ویب سائیٹ ایکسیوس کے مطابق امریکی صدر نے حوثیوں کے خلاف کارروائی کی سعودی ولی عہد اور وزیراعظم محمد بن سلمان کی درخواست مسترد کر دی ہے۔ یہ درخواست بحیرہ احمر میں حوثیوں سے لاحق خطرے کے تناظر میں کی گئی تھی۔ تاہم امریکی سینٹ کام کے سربراہ سعودی عرب پہنچ گئے ہیں۔ ادھر پاکستان کے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے مابین ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے جس کے دوران علاقائی سلامتی کو درپیش خطرات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایرانی پاسداران انقلاب نے امریکی کشتی تباہ کرنے کی ویڈیو جاری کر دی ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق خلیجی ملکوں کا اجلاس پیر کے روز عمان میں متوقع ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ یمن کے مسائل کا حل فوجی کشیدگی سے ممکن نہیں۔ اس سلسلہ میں ایران نے مذاکرات کی بحالی کے لئے تعاون کی پیشکش کی۔

یہ امر واقع ہے کہ مشرقِ وسطیٰ میں جاری کشیدگی آج ایک ایسے خطرناک مرحلے میں داخل ہو چکی ہے جہاں کسی ایک محاذ پر بھڑکنے والی چنگاری پورے خطے کو اپنی لپیٹ میں لے سکتی ہے۔ یمن کے حوثیوں کی باب المندب کے اہم بحری راستے تک پیش قدمی اور جزیرہ میون (پریم) پر قبضے نے صورتحال کی سنگینی میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حوثی فورسز نے یمن کی بحیرہ احمر کی ساحلی پٹی پر اپنی پیش قدمی جاری رکھتے ہوئے اہم بندرگاہ المخا پر بھی قبضہ کیا ہے جبکہ یمنی ذرائع کے مطابق باب المندب کے قریب ذباب اور جزیرہ میون پر بھی حوثیوں کا کنٹرول قائم ہو گیا ہے تاہم باب المندب کے مکمل کنٹرول کے حوثی دعوے کی ابھی باضابطہ طور پر آزاد ذرائع سے تصدیق نہیں ہوئی۔

باب المندب صرف یمن اور سعودی عرب کے مابین ایک مقامی تنازعہ کا جغرافیائی مقام نہیں بلکہ یہ دنیا کی اہم ترین بحری گزرگاہوں میں سے ایک ہے۔ یہ آبنائے بحیرہ احمر کو خلیج عدن اور بحر ہند سے ملاتی ہے اور اس کے ذریعے عالمی تجارت کا ایک بڑا حصہ رواں رہتا ہے۔ آبنائے ہرمز پہلے ہی ایران اور امریکہ کے مابین جنگ کے باعث شدید دباؤ کا شکار ہے، ایسے میں باب المندب بھی غیر محفوظ ہو گیا تو عالمی تجارت اور توانائی کی ترسیل کے لیے انتہائی تشویشناک صورت حال پیدا ہو جائے گی۔ اس وقت عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمت 107 ڈالر فی بیرل سے بھی تجاوز کر چکی ہے جبکہ بحری جہازوں کے کرایوں میں بھی غیر معمولی اضافہ ہو رہا ہے۔

تشویش ناک امر یہ ہے کہ سعودی عرب پہلے ہی حوثیوں کے میزائل اور ڈرون حملوں کا سامنا کر رہا ہے اور گزشتہ دنوں سعودی عرب کے جنوبی علاقوں میں تیل اور صنعتی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا جس کے نتیجے میں جانی نقصان بھی ہوا اور آگ لگنے کے واقعات بھی سامنے آئے۔ اب صورتحال یہ ہے کہ سعودی عرب کے لیے آبنائے ہرمز کے متبادل کے طور پر استعمال ہونے والا بحیرہ احمر کا راستہ بھی خطرے میں پڑ گیا ہے۔ مزید برآں سعودی عرب کی مشرقی تیل پائپ لائن پر ڈرون حملے کے بعد اسے عارضی طور پر بند کرنا پڑا ہے جس کے ذریعے روزانہ لاکھوں بیرل تیل منتقل ہوتا ہے چنانچہ توانائی کے عالمی نظام پر دباو؟ مزید بڑھ گیا ہے۔

اس تمام تر صورت حال میں ایران کا طرزِ عمل بھی عالمی توجہ کا مرکز ہے۔ ایران کے سپریم لیڈر کے مشیر محمد مخبر نے حوثیوں کی باب المندب میں پیش قدمی کو ''شاندار فتح،، قرار دیتے ہوئے انہیں مبارکباد دی ہے جس سے یہ تاثر گہرا ہوا کہ تہران حوثیوں کی پیش قدمی کو اپنے علاقائی دباؤ اور مزاحمتی حکمتِ عملی کا حصہ سمجھتا ہے۔

دوسری جانب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کی جانب سے حوثیوں کے خلاف امریکی فوجی کارروائی کی درخواست قبول کرنے سے معذرت کی ہے۔ اطلاعات کے مطابق سعودی ولی عہد نے جمعرات کو ٹرمپ سے کم از کم دو بار ٹیلیفونک رابطہ کیا اور حوثیوں کے خلاف امریکی فوجی مدد طلب کی تاہم واشنگٹن نے براہِ راست حملے کے بجائے انٹیلی جنس اور اہداف کے تعین میں مدد دینے پر اکتفا کیا۔ امریکی سینٹ کام کے سربراہ ایڈمرل بریڈ کوپر کا سعودی عرب پہنچنا بھی اسی پس منظر میں خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔

بے شک ٹرمپ کا سعودی عرب کی درخواست پر براہِ راست جنگ میں کودنے سے انکار ان خلیجی ممالک کے لیے ایک لمحہ فکریہ ہونا چاہیئے جو طویل عرصے سے اپنی سلامتی کے لیے امریکہ پر انحصار کرتے چلے آ رہے ہیں۔ اگر امریکہ کسی مشکل ترین موقع پر اپنے کسی قریبی اتحادی کی براہِ راست فوجی مدد سے گریز کرتا ہے تو خلیجی ممالک کو اپنی قومی سلامتی کی ترجیحات اور مستقبل کی حکمت عملی پر ازسرِنو غور کرنا ہوگا۔ یہی وہ حقیقت ہے جس کی طرف چینی صدر شی جن پنگ نے بھی متعدد مواقع پر اشارہ کیا ہے کہ خطے کے ممالک کو اپنی سلامتی اور مستقبل کے فیصلوں میں زیادہ خود انحصاری اختیار کرنی چاہیے۔

اس صورتِ حال میں پیر کے روز عمان میں ایران اور خلیجی ممالک کے مابین متوقع اجلاس امید کی ایک کرن بن سکتا ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق اس ملاقات میں آبنائے ہرمز سے محفوظ تجارتی آمد و رفت کے لیے ایران اور عمان کے مابین ہونے والی بات چیت کے نتائج پر غور کیا جائے گا۔ اگر خلیجی ممالک اور ایران براہِ راست مکالمے کے ذریعے سمندری راستوں کو محفوظ بنانے، حملوں کی روک تھام اور کشیدگی کم کرنے کی کوئی قابلِ عمل صورت نکال لیتے ہیں تو یہ پورے خطے کے لیے ایک مثبت پیش رفت ہو سکتی ہے۔

بے شک پاکستان کے لیے موجودہ صورتحال غیر معمولی اہمیت کی حامل ہے۔ ایک طرف سعودی عرب پاکستان کا برادر اسلامی ملک اور اہم دفاعی شراکت دار ہے اور دوسری طرف ایران ہمارا برادر ہمسایہ ملک ہے۔ یہی وجہ ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر اور ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے مابین گذشتہ روز ٹیلی فونک رابطہ ہوا جو خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دونوں رہنماؤں نے امریکہ، اسرائیل اور ایران کے مابین جنگ، مذاکرات کی بحالی اور سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں سمیت موجودہ علاقائی بحران اور خطے کی سلامتی کے امور پر گفتگو کی۔

اتنی بھی کیا جلدی تھی

ناصر نقوی

جانے والے کبھی نہیں رکتے، اس حقیقت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا لیکن جانے والے اپنے پیچھے ایک داستان چھوڑ جاتے ہیں داستان اور کہانی بھی انہی لوگوں کی ہوتی ہے جو کچھ کر کے جاتے ہیں، باقی سب تو جانوروں کی طرح دنیا میں آئے، کھایا پیا، جیسے تیسے زندگی گزاری اور چل دیئے بلکہ مٹی کے پتلے مٹی ہو گئے، باقی بچی مٹی کی ڈھیری اور جب اس کا بھی کوئی وارث مڑ کر نہیں لوٹا تو وہ بھی ختم۔ برسوں بعد کسی کو یاد ستائی اور وہ شہر خاموشاں پہنچا تو مٹی کی ڈھیری کی جگہ ایک سنگ مرمر کی قبر نے اسکا استقبال کیا۔ گورکن سے پوچھ گچھ کی تو اس نے بڑے اطمینان سے جواب دے دیا۔۔ باؤجی، قبر نالے خبر۔۔ کبھی نہیں سنا آپ نے؟ جو اپنے پیاروں کی قبروں کا خیال نہیں رکھتے ان قبروں کے مکین بدل جاتے ہیں، یہ تو آپ نے سنا ہی ہوگا کہ قیامت پر ایک ایک قبر سے ستر ستر مردے نکلیں گے، وہ کیسے ہوگا؟ ایسے ہی ہوگا، قبرستانوں کی زمینیں پڑے پڑے بڑھتی نہیں، یہ آپ جیسے لوگوں کی مہربانی کوتاہی سے یہاں خود جگہ بن جاتی ہے۔ بات اس کی سو فیصد درست ہے وہ ان پڑھ ہوتے ہوئے بھی اپنی ''ریاست خاموشاں،، کے معاملات سے بے خبر نہیں لیکن ہم لوگ عقل و دانش رکھتے ہوئے بھی شہر کے اندیشے میں مبتلا ہیں، اپنی آخری منزل شہر خاموشاں کو بھولے ہوئے ہیں لیکن مالک دو جہان نے درست حساب کتاب لگایا ہوا ہے۔ اسے اولاد آدم کی حرص وہوس کا اندازہ تھا اسی لیے اس نے نہ صرف خالی ہاتھ دنیا میں بھیجا بلکہ سب کو خالی ہاتھ ہی واپس بلایا۔ پھر بھی یہ سب کچھ دیکھتے، جانتے ہوئے بھی سب کچھ سمیٹنے کی فکر میں لگی ہوئی ہے۔ اس کا احساس دنیا کی رنگینیوں اور بھول بھلیوں نے مار ڈالا ہے۔ ہمارے ارد گرد اور آس پاس سے روزانہ کوئی چھوٹا بڑا رخصت ہو کر اپنے مالک حقیقی کے حضور پیش ہو جاتا ہے پھر بھی ہم سانسوں کے نازک بندھن کو فراموش کر کے عمروں کے چکر میں پڑے ہوئے ہیں حالانکہ یہ بھی پتہ ہے کہ دنیا میں آنے کی ترتیب ہے جانے کا کوئی شیڈول کسی کو نہیں معلوم۔ صرف وہی جانتا ہے جو جان و جہان کا حقیقی مالک ہے۔

جنت کے خواہشمند الحمدللہ ''ہم اور آپ،، سب ہی ہیں لیکن جانے کی نہ کسی کو جلدی ہے اور نہ ہی اس کے لیے کچھ خاص کرنے کے موڈ میں ہیں اس لیے کہ ہم امت محمدی میں شمار کیے جاتے ہیں لہٰذا امید قوی ہے کہ اللہ اپنے محبوب کے غلاموں کو جہنم میں نہیں ڈالے گا جبکہ دین حق اللہ کے پسندیدہ مذہب اسلام نے ہر شے کھول کھول کر بتا دی ہے۔ پھر بھی ہم کچھ کرنے کے بجائے توکل اللہ پر نہ صرف جی رہے ہیں بلکہ مرنے کو بھی تیار ہیں۔ ایسے میں اگر کوئی ہنستا مسکراتا، محبت و اخلاص کا پیکر، ہر کسی کا مددگار، غم گسار، انکساری کی تصویر ایک خوبصورت فریم سے گر کر چکنا چور ہو جائے تو دل ایک بار دھک کر کے بیٹھ ضرور جاتا ہے ،گزشتہ ہفتے ایسا ہی واقعہ ہوا کہ اچانک سوشل میڈیا پر خبر چلی کہ علم و ادب کا ایک چمکتا دمکتا ستارہ ٹوٹ کر خاک میں مل گیا، زندہ دلوں کے ادبی ثقافتی منفرد شہر لاہور کا ''عاشق،، دنیا سے منہ موڑ گیا تو یقین نہیں آیا۔ فوراً ڈاکٹر فرحت عباس شاہ اور پروفیسر ناصر بشیر سے رابطہ کر کے پوچھا کہ ڈاکٹر فخر عباس کی خبر غلط ہے نا؟ دونوں نے تصدیق کر دی کہ نہیں درست ہے۔ وہ جس طرح دنیائے ادب میں آیا اور شہرت مقبولیت کی جھنڈے گاڑے، اسی طرح ایک پوشیدہ دشمن ''ہیپا ٹائٹس،، حملہ آور ہوا اور دنوں میں اس کی زندگی چھیننے میں کامیاب ہو گیا، اردو ادب کی دنیا سوگوار ہو گئی، تین بیٹے اور تین بیٹیاں نوعمری میں یتیم ہو گئیں، شریک حیات تنہا رہ گئی اور ابھی زندگی کا طویل سفر باقی ہے۔ ایسے میں ذہن میں ایک سوال ابھرتا ہے کہ ڈاکٹر فخر عباس تم تو ہزاروں لاکھوں ادب نوازوں کا فخر تھے، تمہیں اتنی بھی کیا جلدی تھی؟ یقیناً اس کا جواب یہی ہوگا کہ اصل منزل تو یہی ہے۔ مالک سے ملیں، خالق سے ملیں، اس کی حمد و ثنا کریں۔ ایسا میں صرف اس لیے کہہ رہا ہوں کہ حضرت کی آخری پوسٹ یہ تھی ''جو دنیا پر توکل کرے وہ کبھی مغلوب نہیں ہوگا اور جو خدا سے مستمسک ہو، وہ کبھی شکست نہیں کھائے گا۔ وہ شیخوپورہ میں پیدا ہوئے، علامہ اقبال میڈیکل کالج سے ڈاکٹر بنے، زمانہ طالب علمی سے ہی ادبی دنیا میں کارنامے انجام دیتے ہوئے وارد ہوئے اور سنجیدہ اور مزاحیہ شاعری میں اپنی منفرد پہچان بن گئے، دل کی خواہش ان کی واضح تھی کہ۔۔

ابھی تلک تو نہیں ہے مگر یہ خواہش ہے۔۔
خدا کرے کہ تعلق میرا حسین سے ہو۔۔

اور یہ خواہش ان کی بر بھی آئی۔ زندگی کا آخری سفر صحت و سلامتی کے ساتھ ''کربلا و نجف،، کا کیا لیکن پوشیدہ دشمن ''ہیپاٹائٹس،، نیعراق میں ہی وار کر دیا اور پھر وہ سنبھل نہیں سکے۔ آئی۔سی۔یو میں چند روز گزرے اور فرشتہ اجل انہیں سفر آخرت پر لے گیا۔ جو دنیا میں آیا ہے اسے واپس بھی جانا ہے لیکن دنیاوی اعتبار سے ابھی ان کے جانے کے دن نہیں تھے۔ مسیحا جناح ہسپتال لاہور میں ''ہیڈ آف میڈیسن،، ہیجتنی ملازمت کی ہمیشہ اپنے سے زیادہ دوسرے کا خیال رکھا، کرونا کے خطرناک دور سے اب تک ہر کسی کی مسیحائی کی ، نہ کوئی ہے انا، نہ شہرت کا گھمنڈ، کوئی شکوہ نہ شکایت، مسکراتا چہرہ مسکراتا ہوا دنیا سے لوٹ گیا۔

اس موقع پر ڈاکٹر فخر عباس کے ایک دوست ڈاکٹر باسط کی ایک پوسٹ دیکھی بلکہ ان کے تمام پیاروں نے دیکھی ہوگی۔۔

۔۔رہنے کو سدا دہر میں آتا نہیں کوئی
۔۔تم جیسے گئے ایسے بھی جاتا نہیں کوئی
اک بار تو خود موت بھی گھبرا گئی ہوگی
۔۔یوں موت کو سینے سے لگاتا نہیں کوئی۔

جانے والے چلے گئے، ان سے پہلے بھی بہت سے گئے ہیں اور بعد میں بھی بہت ہی سے جائیں گے لیکن ڈاکٹر فخر عباس نے بہت کم وقت میں زیادہ محبتیں سمیٹیں بلکہ ان کا دعویٰ تو صرف لاہور سے محبت کا تھا پھر بھی ان کے عاشق اور چاہنے والے لاتعداد پائے گئے کیونکہ حقیقت یہی ہے کہ موت جسم کو آتی ہے شخصیت، فکر اور فن کو ہرگز نہیں آتی، اس لیے قدرت نے ان کی لاہوری محبت کو ایسی جلا بخشی کہ انہیں برسوں بھلایا نہیں جا سکے گا۔۔

یہ جو لاہور سے محبت ہے
یہ کسی اور سے محبت ہے۔
مجھ کو اک دور سے محبت ہے
اس کی ہر طرز مجھ کو بھاتی ہے
۔۔اس کے ہر طور سے محبت ہے

محبت یک طرفہ تھی کہ دو طرفہ؟ یہ راز تو اب راز ہی رہے گا لیکن محبت سچی ضرورت تھی کہ وہی وجہ شہرت بنی حالانکہ ان کا سنجیدہ اور مزاحیہ کلام موجودہ دور میں کسی سے کم نہیں۔ سادہ ملنسار، عاجز مزاج، اصول پرست ،صاف گو، لطیف طبع انسان تھے۔ دعا ہے کہ مالک کائنات انہیں اسی طرح اگلے جہان میں بھی مسکراتا ہوا رکھے اور ان کے پسماندگان کے لیے آسانیاں پیدا کرے کیونکہ فخر عباس اپنے معاشرے، اردو ادب، بزم دوستاں اور ریاست پاکستان کا فخر تھا ہم اور آپ کتنی مرتبہ کہیں کہ اتنی بھی کیا جلدی تھی؟ لیکن سانسوں کا حساب اس مالک حقیقی کے پاس ہے جس کی اپنی حکمت اور اپنا نظام ہے۔ وقت مقررہ سے نہ ایک پل کم نہ زیادہ۔

ترقیاتی ترجیحات اور پاک برطانیہ تعاون کی نئی جہتیں

محمود خان

پاکستان کی معاشی و سماجی ترقی کے لیے موثر منصوبہ بندی، مضبوط ادارہ جاتی نظام، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور مقامی سطح پر اختیارات کی منتقلی بنیادی اہمیت کے حامل ہیں، بدلتے ہوئے عالمی حالات، موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے اثرات، آبادی میں مسلسل اضافے اور انسانی ترقی کے چیلنجز نے پاکستان کے لیے یہ ضرورت بڑھا دی ہے کہ ترقیاتی پالیسیوں کو محض بڑے منصوبوں تک محدود رکھنے کے بجائے انہیں عام شہری کی زندگی میں حقیقی بہتری کا ذریعہ بنایا جائے۔ اسی تناظر میں وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال اور برطانوی ہائی کمیشن کے ڈویلپمنٹ ڈائریکٹر سیم والڈاک کے درمیان ملاقات کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ ملاقات میں پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات، ادارہ جاتی اصلاحات اور دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعاون کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

پاکستان اور برطانیہ کے درمیان ترقی، انسانی وسائل، موسمیاتی لچک اور گورننس جیسے اہم شعبوں تک وسعت دینے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ ترقی پذیر ممالک کے لیے بین الاقوامی شراکت داری اسی وقت زیادہ نتیجہ خیز ثابت ہوتی ہے جب اس کا مرکز عوامی فلاح، اداروں کی مضبوطی اور پائیدار ترقی ہو۔ وفاقی وزیر نے 18 ویں آئینی ترمیم کے بعد مقامی طرز حکمرانی کو مزید مضبوط بنانے اور اضلاع کو وسائل و اختیارات کی منتقلی میں اضافہ کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ کسی بھی ملک میں ترقی کا عمل اس وقت زیادہ موثر ہوتا ہے جب فیصلے عوام کے قریب کئے جائیں اور مقامی حکومتوں کو اپنے علاقوں کی ضروریات کے مطابق منصوبہ بندی اور وسائل استعمال کرنے کے مناسب اختیارات حاصل ہوں۔ مقامی حکومتوں کو بااختیار بنانے سے نہ صرف ترقیاتی منصوبوں کی ترجیحات مقامی ضروریات کے مطابق طے کی جا سکتی ہیں بلکہ وسائل کے استعمال میں شفافیت اور عوامی نگرانی بھی بہتر بنائی جا سکتی ہے۔ اس مقصد کے لیے اختیارات کی منتقلی کے ساتھ ساتھ مالی وسائل، انتظامی صلاحیت، تربیت اور احتساب کا موثر نظام بھی ضروری ہے۔ پروفیسر احسن اقبال نے حکومت کے ''اڑان پاکستان،، پروگرام کے تحت فائیو ایز فریم ورک کو بھی اجاگر کیا۔ پاکستان کی معاشی ترقی کے لیے برآمدات میں اضافہ، نئی منڈیوں تک رسائی، انسانی وسائل کی ترقی، جدید ٹیکنالوجی کا فروغ اور پیداواری صلاحیت میں بہتری ناگزیر ہے۔ موجودہ عالمی معیشت میں وہی ممالک تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں جو اپنی مصنوعات اور خدمات کو عالمی منڈیوں میں مسابقت کے قابل بناتے ہیں۔ پاکستان برآمدات کے شعبوں کے ساتھ ساتھ جدید ٹیکنالوجی، آئی ٹی، انجینئرنگ، زرعی مصنوعات، سمندری معیشت اور ویلیو ایڈڈ صنعتوں میں اپنی موجودگی مضبوط کرے۔ اس سلسلے میں برطانیہ کے ساتھ تعاون پاکستان کے لیے مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ برطانیہ ایک اہم عالمی معاشی مرکز ہے اور اس کے ساتھ تجارتی و اقتصادی روابط کو مزید وسعت دے کر پاکستانی مصنوعات کے لیے نئی منڈیوں کے امکانات پیدا کئے جا سکتے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلی بھی پاکستان کے ترقیاتی ایجنڈے کا ایک اہم حصہ بن چکی ہے۔ سیلاب، شدید بارشیں، خشک سالی، گرمی کی لہریں اور دیگر موسمیاتی خطرات نہ صرف انسانی زندگیوں بلکہ زراعت، انفراسٹرکچر، معیشت اور صحت کے نظام کو بھی متاثر کرتے ہیں۔ ایسے حالات میں موسمیاتی لچک پیدا کرنا محض ماحولیاتی مسئلہ نہیں بلکہ قومی ترقی اور معاشی استحکام کا بنیادی تقاضا ہے۔ برطانوی ہائی کمیشن کے ڈویلپمنٹ ڈائریکٹر سیم والڈاک کی جانب سے موسمیاتی لچک، قدرتی آفات سے نمٹنے کی تیاری اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے مطابقت پیدا کرنے کے شعبوں میں تعاون جاری رکھنے کی آمادگی اس حوالے سے اہم پیش رفت ہے۔ پاکستان کو قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے جدید پیشگی اطلاع کے نظام، مضبوط انفراسٹرکچر، بہتر شہری منصوبہ بندی، پانی کے موثر انتظام اور مقامی سطح پر ہنگامی ردعمل کی صلاحیت بڑھانے کی ضرورت ہے۔ اسی طرح انسانی ترقی کے شعبے میں بھی پاکستان کو طویل المدتی اور جامع حکمت عملی درکار ہے۔ وفاقی وزیر کی جانب سے آبادی کی منصوبہ بندی، وسائل کی منصفانہ تقسیم سے متعلق اقدامات کی اہمیت اجاگر کرنا اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ ترقی کو صرف معاشی اعداد و شمار سے نہیں بلکہ انسانی فلاح کے پیمانے سے بھی دیکھا جانا چاہیے۔ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان ترقیاتی تعاون کے امکانات وسیع ہیں۔ اگر برطانیہ کی تکنیکی مہارت اور پاکستان کی مقامی ضروریات کو موثر منصوبہ بندی کے ساتھ یکجا کیا جائے تو موسمیاتی تبدیلی، انسانی ترقی، گورننس، تعلیم، صحت اور برآمدات جیسے شعبوں میں پیش رفت ممکن ہے۔ مجموعی طور پر احسن اقبال اور سیم والڈاک کی ملاقات اس امر کی نشاندہی کرتی ہے کہ پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات اب ایک وسیع تر اور مربوط فریم ورک کی طرف بڑھ رہی ہیں، جس میں معاشی ترقی کے ساتھ انسانی ترقی، موسمیاتی تحفظ، مقامی حکمرانی اور ادارہ جاتی اصلاحات کو بھی مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ اگر ترقیاتی پالیسیوں کو مضبوط مقامی حکومت، موثر اداروں، بہتر انسانی وسائل، موسمیاتی لچک اور عالمی منڈیوں سے مضبوط روابط کے ساتھ جوڑ دیا جائے تو پاکستان نہ صرف اپنے موجودہ مسائل پر قابو پا سکتا ہے بلکہ ایک زیادہ مستحکم، خود کفیل اور پائیدار معیشت کی بنیاد بھی رکھ سکتا ہے۔ پاک برطانیہ تعاون اس سفر میں معاون ثابت ہو سکتا ہے، جس کے ثمرات عام شہری کی زندگی تک پہنچیں۔

یہ کیسا انصاف ہے۔؟

گلزار ملک

''کماؤ پتر،، کو گھر والے اچھا سمجھتے ہیں، خواہ وہ ناجائز طریقے سے کما کر ہی کیوں نہ لاتا ہو، عوام بھی حکومت کے آگے ایک ''کماؤ پتر،، کی حیثیت رکھتے ہیں۔ مگر حکومتیں انہیں اس کے عوض بنیادی سہولیات فراہم کرنے کی بجائے ان کے ساتھ الٹا سلوک کرتی ہیں۔ یہاں پر یہ بھی یاد رہے کہ یہ حکومتیں بیچارے غریبوں کے ووٹوں سے بنتی ہیں، اسی عوام سے جب انہوں نے ووٹ لینے ہوتے ہیں تو یہ کچھ اور ہوتے ہیں، جب اقتدار میں آتے ہیں تو اقتدار کے نشہ میں آنکھیں پھیر لیتے ہیں۔ نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ یہ لوگ جب اقتدار میں آتے ہیں تو پھر جس حلقہ سے ووٹ لیے ہوتے ہیں وہاں پر پورے اقتدار کے دوران جا کر پیچھے مڑ کر نہیں دیکھتے کہ غریب کس حال میں جی رہا ہے، بنیادی سہولتیں تو دور کی بات ہے، یہ بھی نہیں دیکھا جاتا کہ آیا یہ بیچارہ غریب دو وقت کی روٹی کیسے پوری کرتا ہے۔ پاکستانی شہری کی عجیب قسمت ہے۔ بچہ ابھی گود میں ہوتا ہے، اسے ٹیکس کا مطلب معلوم نہیں ہوتا، مگر اس کے دودھ، کپڑے، دوا اور روزمرہ ضرورت کی بے شمار چیزوں کی قیمت میں ٹیکس شامل ہو چکا ہوتا ہے۔ جوان ہوتا ہے تو کمائی پر ٹیکس، گھر چلاتا ہے تو بجلی، گیس، پٹرول، موبائل اور خریداری پر ٹیکس۔ یوں لگتا ہے جیسے پاکستانی پیدا ہی ٹیکس دینے کے لیے ہوتا ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ ٹیکس ہم دیں اور اس کے بدلے عذاب بھی ہم ہی بھگتیں؟ یہ کہاں کا انصاف ہے، مہنگائی نے عام آدمی کا جینا دوبھر کر رکھا ہے۔ بازار جائیں تو ہر دکاندار کی اپنی قیمت، بل آئے تو اپنی کہانی، بجلی ہو تو لوڈشیڈنگ، گیس ہو تو بندش اور گھر سے باہر نکلیں تو چوری، ڈکیتی اور جرائم کا خوف۔ شہری سوچتا ہے کہ آخر وہ کون سی سہولت ہے جس کے لیے اسے بار بار جیب ڈھیلی کرنی پڑتی ہے؟ ریاست کہتی ہے ٹیکس دو، شہری ٹیکس دیتا ہے۔ حکومت کہتی ہے بجلی کا بل ادا کرو، شہری بل ادا کرتا ہے۔ گیس کا بل آتا ہے، وہ بھی ادا کرتا ہے۔ پٹرول مہنگا ہوتا ہے، وہ بھی خریدتا ہے۔ موبائل استعمال کرتا ہے تو ٹیکس، کوئی چیز خریدتا ہے تو ٹیکس۔ بس ایک چیز ہے جو عوام کو پوری طرح میسر نہیں وہ ہے سکون۔ کرپشن کے قصے بھی روز سننے کو ملتے ہیں۔ چھوٹے آدمی سے قانون ایک ایک پائی کا حساب مانگتا ہے، مگر بڑے معاملات میں سوالات کے جواب فائلوں کے نیچے دب جاتے ہیں۔ عوام کو کہا جاتا ہے کہ ملک مشکل حالات سے گزر رہا ہے، قربانی دیں۔ عوام قربانی دیتے دیتے تھک گئے، مگر سوال یہ ہے کہ قربانی ہمیشہ عوام ہی کیوں دیں؟ بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ ہو تو عوام اندھیرے میں، گیس بند ہو تو چولہا ٹھنڈا، مہنگائی بڑھے تو دسترخوان سکڑ جائے اور جرائم بڑھیں تو شہری گھر سے نکلتے ہوئے بھی سوچے کہ واپس سلامت آئے گا یا نہیں۔ یہ کیسا نظام ہے جس میں شہری اپنی ذمہ داریاں پوری کرتا ہے، مگر اسے اپنے بنیادی حقوق کے لیے بھی احتجاج کرنا پڑتا ہے؟ حکومتوں کو یہ سمجھنا ہوگا کہ عوام ٹیکس دینے والی مخلوق نہیں بلکہ اس ملک کے اصل مالک شہری ہیں۔ ٹیکس ان کی مجبوری نہیں، ریاست کے ساتھ ان کا معاشی معاہدہ ہے۔ شہری اپنا حصہ ادا کرتا ہے تو ریاست کی بھی ذمہ داری ہے کہ اسے امن، انصاف، بجلی، گیس، بنیادی سہولتیں اور ایک قابل احترام زندگی دے۔ عوام اب صرف یہ نہیں پوچھ رہے کہ نیا ٹیکس کون سا لگنے والا ہے۔ وہ یہ پوچھ رہے ہیں ہم نے ٹیکس دے دیا، اب بدلے میں ہمیں کیا ملا؟ اگر جواب پھر بھی مہنگائی، لوڈشیڈنگ، کرپشن اور جرائم ہی ہے تو پھر یہ سوال حکمرانوں کے دروازے پر دستک دیتا رہے گا کہ ٹیکس ہم دیں، اور ہر طرف ظلم و ستم، ناانصافی، مہنگائی، بجلی، گیس کی لوڈشیڈنگ بے سکونی آخر یہ عذاب ہمارا مقدر ہی کیوں؟

بحر کیف حکومت کو یہ بات سمجھنا ہوگی کہ عوام صرف ٹیکس دینے والی مشینیں نہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے خون پسینے کی کمائی سے ملک کا نظام چلاتے ہیں۔ ان کے بھی بچے ہیں، ان کے بھی خواب ہیں اور انہیں بھی حق ہے کہ وہ ایک ایسا پاکستان دیکھیں جہاں بجلی آئے تو پنکھا چلے، گیس آئے تو چولہا جلے، بازار جائیں تو مناسب قیمت پر اشیائے ضروریہ ملیں اور گھر سے نکلیں تو جان و مال محفوظ ہونے کا اطمینان ہو۔ عوام ٹیکس دینے سے انکاری نہیں، مگر وہ یہ ضرور پوچھنے میں حق بجانب ہیں کہ ٹیکس کے بدلے انہیں سہولت، تحفظ اور انصاف کب ملے گا؟ یہ سوال کسی ایک حکومت کا نہیں، پورے نظام کا سوال ہے۔ اور جب سوال کرنے والے کروڑوں ہوں تو جواب دینا بھی ضروری ہو جاتا ہے۔

آٹھ ارب والی دنیا مشکلات کا شکار

شہباز اکمل جندران

زندگی کٹھن اور راستے بھی مشکلات میں گھرے ہوئے ہیں- اقوام متحدہ اور بین الاقوامی اداروں کے تخمینوں کے مطابق اس وقت دنیا کی آبادی 8 ارب سے تجاوز کر چکی ہے اور یہ سنگ میل مزید عبور ہوتا دکھائی دے رہا ہے- دنیا کے ممالک میں چونکہ مردم شماری ایک وقت میں نہیں ہوتی، اس لیے آبادی کا تناسب مختلف اوقات میں بڑھتا اور کم ہوتا رہتا ہے- غیر ترقی پذیر کچھ ممالک ایسے بھی ہیں جہاں وسائل کم اور آبادی کا تناسب بہت زیادہ ہے- اسی لیے ان ممالک میں مسائل کی بھرمار رہتی ہے- زیادہ آبادی کے باعث جہاں معیشت متاثر ہوتی ہے، وہاں خوشحالی کا خواب کمیاب نظر آتا ہے- اگرچہ چین آبادی کے لحاظ سے اس وقت دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے-لیکن صنعتی ترقی اور مضبوط معیشت کے ساتھ وہاں افلاس کے مسائل نہیں-صنعت و حرفت میں ترقی اور ایکسپورٹ میں اعلیٰ درجے کی حیثیت نے چین کو دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی صف میں سب سے آگے کھڑا کر دیا ہے- وہ بتدریج ترقی و خوشحالی کی منزلیں طے کر رہا ہے-

بعض خطوں کو آج بھی جنگی صورت حال کا سامنا ہے-خصوصاً مشرق وسطیٰ کے حالات سے دنیا بے حد متاثر ہے- رواں سال کے دوران کچھ ایسے حالات رونما ہوئے کہ آٹھ ارب پر محیط دنیا متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکی- صرف پاکستان کی بات کریں اور علاقائی حالات کا جائزہ لیں تو ہم بھی موجودہ جنگی صورت حال سے متاثر ہیں- عالمی منڈی میں تیل اور ڈیزل کی قیمتیں بڑھنے سے پاکستان کی معیشت پر بھی اس کے منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں جس کے باعث روزمرہ کے استعمال کی اشیاء کے دام انتہا کی حد تک اوپر چلے گئے ہیں- چونکہ پاکستان میں بجلی تیل سے تیار ہوتی ہے اور وافر مقدار میں بنتی ہے اس لیے مہنگے تیل کے ہوشربا اثرات بجلی کے بلوں پر بھی پڑتے ہیں-صنعتی اور ڈومیسٹک صارفین اس صورت حال سے بے حد پریشان ہیں-

کہتے ہیں جہاں ''وائلنس،، بڑھ جاتا ہے، وہاں ترقی اور خوشحالی نہیں ہوتی- ہمارے ہاں بھی کچھ ایسے ہی حالات ہیں، ترقی اور خوشحالی تب ہی ہوگی جب سیاست کا چلن ٹھیک ہوگا- پاکستان میں جس قسم کی سیاست ہو رہی ہے ±سے دیکھتے ہوئے کہہ سکتے ہیں کہ ترقی کا ''وژن،، کبھی آگے نہیں بڑھ سکتا- امن اور ترقی کا ساتھ چولی دامن کا ہوتا ہے-امن کے بغیر ترقی نہیں ہو سکتی اور خوشحالی نہیں آ سکتی- ملک کو، جہاں دہشت گردی جیسی عفریت کا سامنا ہے وہاں سیاست بھی ہر روز اپنا روپ بدلتی ہے- سیاست کا آج کل جو حال ہے کچھ نہ پوچھیئے، ہر ذی شعور ا±س سے پناہ مانگتا ہے- لہجوں میں کڑواہٹ ہے- شیریں الفاظ میں جو بات کی جا سکتی ہے وہ بات ایسے انداز اور ایسے الفاظ سے کی جا رہی ہے کہ کوئی مہذب معاشرہ اس کی اجازت نہیں دے سکتا-

آئین پاکستان کے مطابق ہر شخص کو یہاں شخصی اور اظہار رائے کی آزادی حاصل ہے- لیکن ''آزادی،، کا مطلب ہرگز مادر پدر آزادی نہیں- آئین نے اس ''آزادی،، کی کچھ حدود و قیود متعین کر رکھی ہیں اور قدغن لگائی ہوئی ہے مگر بعض سیاسی رہنما، سیاسی جماعتیں اور ا±ن کے سپورٹرز سوشل میڈیا پر جو کچھ کرتے ہیں، جس قسم کی ''مہم جوئی،، ہوتی ہے- قابل شرم ہی نہیں، قابل تعزیر جرم بھی ہے- سیاست میں اس طرح کی منفی مہم جوئی اور رجحانات سے یقیناً انتشار و خلفشار کی صورت حال پیدا ہوتی ہے- ا±س کے اثرات مجموعی طور پر سب کو متاثر کرتے ہیں-

اس وقت جماعت اسلامی بجلی بلوں کے ایشو کے ساتھ سڑکوں پر ہے- لاہور اور کراچی سمیت بہت سے شہروں میں احتجاجی کیمپ لگا رکھے ہیں، مظاہرے بھی کئے جا رہے ہیں، دوسری جانب پاکستان تحریک انصاف بھی 27 ستمبر سے ایک تحریک شروع کرنے جا رہی ہے- قیادت کے مطابق تحریک کا مقصد آئین کی بالادستی، نئے انتخابات اور موجودہ سیاسی نظام کے خلاف احتجاج کرنا ہے- بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے ہمارا لانگ مارچ پ±رامن ہوگا جس کا آغاز خیبر پختونخوا سے کیا جائے گا جو صوبہ کے مختلف شہروں سے ہوتا ہوا اسلام آباد پہنچے گا- اسلام آباد لانگ مارچ کی آخری منزل ہوگی جبکہ دوسرے صوبوں سے روانہ ہونے والے قافلے بھی اس مرکزی قافلے سے آملیں گے- پی ٹی آئی رہنماو¿ں کا کہنا ہے لانگ مارچ میں کوئی گھیراو¿ جلاو¿ نہیں ہوگا- تاہم ہمیں ماضی میں کوئی ایسی نظیر نہیں ملتی کہ پی ٹی آئی نے اپنا کوئی احتجاج پ±رامن کیا ہو- 9 مئی اس کی زندہ مثال ہے- ایک بڑی حقیقت بھی کہ پی ٹی آئی پ±رامن احتجاج پر یقین نہیں رکھتی-

وزیر اعلیٰ سہیل خاں آفریدی جو خیبر پختونخوا میں قائم اپنی حکومت کا پوری طرح فائدہ اٹھانے کے موڈ میں نظر آتے ہیں- پوری کوشش کریں گے کہ اس لانگ مارچ کو صوبائی حکومت کے تمام تر وسائل استعمال کر کے کامیاب بنائیں تاکہ ان کی عزت بن سکے- بانی پی ٹی آئی کو بھی پیغام دے سکیں کہ پارٹی اور بانی کے لیے وہ ہر قربانی دینے کو تیار ہیں- تاہم اس تناظر میں وفاقی حکومت انہیں انتباہ کر چکی ہے کہ انہوں نے حکومتی وسائل استعمال کیے تو اس کے سنگین نتائج ہو سکتے ہیں-

یہ نتائج کیا ہوں؟ باخبر حلقے اور قانونی ماہرین اس بارے آگاہ کر رہے ہیں کہ اس لانگ مارچ کے نتیجے میں سہیل آفریدی کو وزارت اعلیٰ سے ہاتھ دھونے پڑ سکتے ہیں- وجہ یہ بتائی جا رہی ہے کہ کوئی بھی وزیر اعلیٰ یا کوئی حکومتی عہدیدار اگر حکومت مخالف کسی تحریک یا احتجاج کا حصہ بنتا ہے، اس کی قیادت کرتا ہے تو آئین کی رو سے وہ اپنے عہدہ پر برقرار رہنے کا اہل نہیں رہے گا- سہیل آفریدی کے ساتھ کیا ہونے والا ہے، 27 ستمبر اس کا فیصلہ کر دے گا-

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نئے صوبوں کے قیام کی جو بات کچھ روز پہلے کی، ا±س پر بڑی سیر حاصل گفتگو ہو رہی ہے- اس ایشو کو لے کر اسلام آباد میں خاصی ہلچل ہے- پیپلز پارٹی سندھ میں نئے صوبوں کے قیام کے حق میں نہیں جبکہ مسلم لیگ (ن) نے نئے صوبوں کی تشکیل کے لیے یہ شرط رکھی ہے کہ اس کے لیے پہلے پیپلز پارٹی کو سندھ میں آمادہ ہونا ہوگا- جس کے بعد ن لیگ بھی پنجاب میں نئے صوبے بنانے کے لیے تیار ہے- فوجی اسٹیبلشمنٹ نے عندیہ دیا ہے کہ نئے صوبوں یا نئے انتظامی یونٹس کی تشکیل کے بغیر آگے نہیں بڑھا جا سکتا اور ملک ترقی نہیں کر سکتا- اس ضمن میں محسن نقوی بہت زیادہ سرگرم ہیں اور نئے صوبوں یا نئے انتظامی یونٹس کی تشکیل کے لیے اپنی کوششیں بروئے کار لا رہے ہیں-نیشنل اور چاروں صوبائی اسمبلیوں میں اس تناظر میں ''ڈبیٹ،، کی بھی بات ہو رہی ہے- اچھی بات ہے کہ چاروں صوبائی اور نیشنل اسمبلی کے فورم پر نئے صوبوں کے قیام پر سیر حاصل ''ڈبیٹ،، ہو اور افہام و تفہیم سے اس مسئلے کو حل کر لیا جائے- پاکستان کے لیے نئے صوبے یا نئے انتظامی یونٹس بنانا ضروری ہیں تو ضرور بننے چاہئیں-لیکن اس کے لیے تمام سیاسی جماعتوں میں افہام و تفہیم کا ہونا ضروری ہے- جس کے لیے انتہائی اہم فورم چاروں صوبائی اسمبلیاں اور نیشنل اسمبلی ہی ہیں-

موٹرسائیکل سواروں کی حکومت

اللہ دتہ نجمی

وطن عزیز میں ایک طرف امیر ترین، بااثر، بااختیار اور بامراد طبقہ کسی مالی و دنیاوی پریشانی سے بے نیاز حسب روایت اپنی دھن میں مست ہے تو دوسری طرف مظلوم ترین رعایا فقر کے ہاتھوں فکر مند ہے۔ جہاں ایک طرف اشرافیہ کو غیر ملکی دوروں اور بڑے بڑے ہوٹلوں میں چکے مزیدار اور مہنگے کھانوں سے فرصت نہیں مل رہی وہیں غربت میں پسی ہوئی اکثریت دو وقت کی روٹی کے حصول کے لیے پریشان ہے۔ اشرافیہ کو ان کی مرضی کا انصاف ملنے میں ذرا دیر نہیں لگتی جبکہ غریب آدمی کو انصاف حاصل کرنے کے لیے اپنی جان و مال اور عزت آبرو داؤ پر لگا کر برسہا برس انتظار کرنا پڑتا ہے۔ اشرافیہ کے لیے یہ ملک 'زاہد' کی جنت اور فقراء کے لیے یہ دھرتی 'سیاہ کار' کی برزخ سے کم نہیں۔ ساحر لدھیانوی نے کہا تھا:

ظلم پھر ظلم ہے بڑھتا ہے تو مٹ جاتا ہے
خون پھر خون ہے ٹپکے گا تو جم جائے گا

ساحر لدھیانوی کے معنی خیز فلسفے کے برعکس پاکستان میں مسلسل بڑھتا ہوا ظلم نہ مٹا ہے اور نہ ہی دہائیوں سے ٹپکنے والا خون جم سکا ہے۔ تقریروں اور تحریروں میں دہرایا جانے والا قول، " کفر کا نظام تو چل سکتا ہے مگر ظلم (یا ناانصافی) کا نظام نہیں چل سکتا " فکری تقاضوں سے ہم آہنگ ہونے کے باوجود پاکستان میں لاگو نہیں ہو سکا۔ تو کیا پاکستان میں اشرافیہ اتنی طاقتور اور ذہین و فطین ہے کہ فطری قوانین اور فکری تقاضوں سے بے دھڑک ٹکر لے سکتی ہے؟؟ ویسے ماننا پڑے گا کہ مراعات یافتہ یہ جماعت وطن کی وفادار ہے کیونکہ وہ یہ سمجھتی ہے کہ وطن ہے تو اس کی من مانیاں اور موج مستیاں چل رہی ہیں۔ ساتھ ساتھ یہ بھی ایک تلخ حقیقت ہے کہ یہ کلاس افلاس زدہ پرجا کے ساتھ قطعاً مخلص نہیں ہے۔ اگر مخلص ہوتی تو اس پر آئے روز پٹرول بم تاک تاک کر نہ پھینکا کرتی اور نہ سپیشل برانڈ کی بجلی گراتی۔ کمال دیکھیں کہ حکومت کی آمدنی کا کیش ذریعہ بجلی و گیس کے بل اور پٹرول کی فروخت پر عائد جملہ اقسام محصولات ہیں۔ سوشل میڈیا پر یہ تاثر عام ہے اور اس کی کبھی تردید بھی نہیں کی گئی کہ اشرافیہ کو یہ چیزیں مفت میں میسر ہیں۔ اگر حاصل نہیں بھی ہیں تو ان کے لیے ایسے اخراجات برداشت کرنا چنداں مشکل نہیں کہ کون سے انہوں نے اپنی جیب سے ادا کرنے ہوتے ہیں!! ویسے بھی ان کے لباس میں بڑی بڑی جیبیں ہوتی ہیں اور وہ جیبیں کبھی خالی نہیں رہتیں۔ ذاتی اور سیاسی مفادات کا نگہبان یہ گروہ غریب عوام کے ساتھ کیسے مخلص ہو سکتا ہے؟ یہی وجہ ہے کہ عام آدمی کو ہمیشہ دلکش نعروں اور دلفریب وعدوں پر بہلایا اور ٹرخایا جاتا ہے۔ عہد نو سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ضرورتاً یا مصلحتاً وعدوں اور نعروں میں ردوبدل ہوتا رہتا ہے۔

نوٹ:۔ کالم نگاروں کی اپنی رائے ہے اس سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

بقیہ 1

میں قرارداد 1373 کی منظوری بھی شامل ہے، جو تاحال اقوام متحدہ کے انسداد دہشت گردی فریم ورک کا ایک اہم جزو ہے۔انہوں نے دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ میں پاکستان کے فرنٹ لائن کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں، انٹیلی جنس تعاون اور بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ سکیورٹی ہم آہنگی نے القاعدہ کی صلاحیتوں کو نمایاں حد تک کم کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ القاعدہ کے خلاف بین الاقوامی مہم میں سب سے نمایاں کامیابیاں پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں اور فعال تعاون کے ذریعے حاصل کی گئیں۔پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نے زور دیا کہ پاکستان نے اس جنگ میں بہت بھاری قیمت چکائی ہے، رواں صدی کے آغاز سے اب تک سکیورٹی اور قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں اور عام شہریوں سمیت 90ہزار سے زائد پاکستانی دہشت گردی کا نشانہ بن کر اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ مسلسل معاشی نقصانات بھی اٹھانے پڑے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سلامتی کونسل نے 25 سال قبل ہنگامی بنیادوں، اتحاد اور عزم کے ساتھ ردعمل دیا تھا لیکن اس کے بعد سے دہشت گردی کے خطرے کی نوعیت بدل چکی ہے، دہشت گردی کا منظرنامہ اب تبدیل ہو کر نئی شکل اختیار کر چکا ہے اور نئے خطرات ابھر کر سامنے آئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی انسداد دہشت گردی کے فریم ورک میں خامیوں کو دور کرنے کے لیے پابندیوں کے موجودہ نظام کو مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔انہوں نے انتہائی دائیں بازو کی شدت پسندی کے عروج، افریقہ، مشرق وسطیٰ اور افغانستان میں دہشت گردی کے مسلسل خطرے کے ساتھ ساتھ دہشت گردوں کے پروپیگنڈے، ذہن سازی، بھرتی، روابط اور مالی اعانت کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو بھی اجاگر کیا۔افغانستان سے پنپنے والی دہشت گردی پر خاص تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تین برسوں کے دوران 4700 سے زائد پاکستانی دہشت گردی کی بھینٹ چڑھ چکے ہیں۔انہوں نے ٹی ٹی پی، بی ایل اے، ای ٹی آئی ایم اور داعش سمیت دہشت گرد گروہوں کے خلاف مؤثر بین الاقوامی کارروائی کا بھی مطالبہ کیا۔عاصم افتخار نے انہوں نے دہشت گردوں کی مالی اعانت کے لیے ڈارک ویب، ورچوئل اثاثوں اور کرپٹو کرنسیوں کے بڑھتے ہوئے استعمال سے بھی خبردار کرتے ہوئے کہا کہ قواعد وضوابط کی عدم موجودگی میں، یہ خطرہ یقینی طور پر کئی گنا بڑھ جائے گا۔انہوں نے انسداد دہشت گردی کے لیے جامع نقطہ نظر پر زور دیا، جس میں اقوام متحدہ کی عالمی انسداد دہشت گردی کی حکمت عملی کے چاروں ستونوں پر متوازن عمل درآمد اور دہشت گردی کے بنیادی اسباب اور اس کے لیے سازگار حالات سے نمٹنے پر زیادہ توجہ دینا شامل ہے۔ان کا کہنا تھا کہ غیر ملکی قبضے کی صورت حال میں بھی احتساب کا اطلاق ہونا چاہئے، اور کہا کہ قابض قوتوں کو جوابدہ ٹھہرایا جانا چاہیے اور انہیں اپنا حق خودارادیت استعمال کرنے والے عوام کے خلاف استثنیٰ کے ساتھ کارروائی کرنے کی اجازت نہیں دی جانی چاہئے۔عاصم افتخار نے کہا کہ بین الاقوامی ردعمل کو دہشت گردی کے تیزی سے بدلتے ہوئے خطرے سے آگے رہنا چاہیے، دہشت گردی کے خلاف بین الاقوامی ردعمل کو تیز تر ہونا چاہیے، بلکہ تیزی سے ابھرتے ہوئے خطرے سے آگے ہونا چاہیے۔انہوں نے سلامتی کونسل پر زور دیا کہ وہ اپنی ذمہ داری اٹھائے، اس بات کو یقینی بنائے کہ مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے، اور اس عالمی خطرے کے خلاف ایک متحد اور اجتماعی محاذ بنانے کے لیے بین الاقوامی تعاون اور علاقائی ہم آہنگی کو مضبوط کرے۔

بقیہ 2

کو پورا احساس ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں ہم عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ شہبازشریف نے کہا کہ موٹرسائیکل، رکشہ، چنگچی اور چھوٹی گاڑیاں استعمال کرنے والوں پر تیل کی قیمتوں میں اضافے سے پڑنے والے بوجھ کو کم کرنے کیلئے خصوصی سکیم کا آغاز کیا جارہا ہے۔وزیر اعظم نے کہا کہ خصوصی ریلیف سکیم کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور 800 سی سی تک گاڑی استعمال کرنے والوں کے لیے پیٹرول پر فی لیٹر 100 روپے کا ریلیف دیا جائیگا۔وزیراعظم نے کہا کہ موٹرسائیکل، رکشہ اور چنگچی سمیت دو پہیوں اور تین پہیوں والی سواریوں پر ماہانہ بیس لیٹر پیٹرول پر 100 روپے فی لیٹر کا ریلیف دیا جائے گا۔ شہبازشریف نے کہا کہ اسی طرح چھوٹی گاڑیوں یعنی 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو ماہانہ تیس لیٹر پیٹرول پر 100 روپے فی لیٹر کا ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ اسلام آباد کی حدود میں اسکا اطلاق آئندہ پیر اور منگل کی درمیانی شب کر دیا جائیگا جبکہ پورے پاکستان میں بشمول کشمیر اور گلگت بلتستان، اسکا اطلاق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب میں کیا جا،اس خصوصی ریلیف سکیم کی رجسٹریشن کا اجراء اتوار سے کردیا گیا ہے، جس کے طریقہ کار کو آگاہی مہم کے ذریعے عوام تک پہنچایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ سکیم میں رجسٹریشن کیلئے موٹر سائیکل، رکشہ اور چھوٹی گاڑیوں کی معلومات فراہم کرنے کے حوالے سے تعاون پر صوبوں کے شکرگزار ہیں۔

بقیہ 3

کے مطابق ادویات کی خریداری مالی سال 2026-27 کے لیے کی جائے گی۔ بولیاں 29 ستمبر تک جمع کرائی جاسکیں گی، جبکہ موصول ہونے والی بولیاں بھی 29 ستمبر کو ہی کھولی جائیں گی۔

بقیہ 4

کے نام اپنے خط میں آئی پی سی اور سینیٹ آف کمبوڈیا کے صدر سامدیک اکا موہا سینا پادئی تیچو ہن سین کی جانب سے کانفرنس میں ان کی شرکت اور گراں قدر کردار پر اظہار تشکر کیا۔ خط میں سید یوسف رضا گیلانی کو بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس کے بانی چیئرمین کی حیثیت سے بھی خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی پارلیمانی سفارت کاری امن، مکالمے، باہمی افہام وتفہیم، تنازعات کے پُرامن حل اور اقوام کے مابین تعاون کے فروغ پر مبنی ہے۔ دنیا بھر کے اسپیکرز، پارلیمانی سربراہان اور پارلیمانی رہنماؤں کے ساتھ ان کے مسلسل روابط نے روایتی سفارتی ذرائع سے ہٹ کر پارلیمان سے پارلیمان کے درمیان روابط اور ادارہ جاتی تعلقات کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔دوسری بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس ''امن اور مشترکہ خوشحالی کے لیے یکجہتی بین الاقوامی قانون کے استحکام اور تنازعات کے پُرامن حل کے لیے اقدامات'' کے موضوع کے تحت منعقد ہوئی، جس میں مختلف ممالک کے پارلیمانی رہنماؤں نے امن، بین الاقوامی تعاون اور تنازعات کے پُرامن حل سمیت اہم عالمی امور پر غور کیا۔چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کانفرنس کے پلیٹ فارم سے پاکستان کے مکالمے، کثیرالجہتی تعاون اور بین الاقوامی قانون کے احترام کے عزم کا اعادہ کیا۔ بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس کے بانی چیئرمین کی حیثیت سے سید یوسف رضا گیلانی نے پارلیمان سے پارلیمان کے درمیان سفارت کاری کو عالمی سطح پر افہام وتفہیم اور باہمی تعاون کے فروغ کا مؤثر ذریعہ بنانے کے لیے مسلسل کردار ادا کیا ہے۔ان کی فعال پارلیمانی سفارت کاری سے عالمی پارلیمانی فورمز پر پاکستان کی آواز اور مؤقف کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف ممالک کے ساتھ پاکستان کے پارلیمانی روابط اور شراکت داری بھی مزید مستحکم ہوئی ہے۔آئی ایس سی کی جانب سے چیئرمین سینیٹ کی کاوشوں کو سراہا جانا پارلیمانی سفارت کاری کے میدان میں ان کے اہم کردار کا اعتراف ہے اور یہ پاکستان کے تعمیری کثیرالجہتی تعاون، امن اور مشترکہ خوشحالی کے عزم کی بھی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ 5

کے دھرنے جاری ہیں، 36 شہروں میں دھرنے ہو رہے ہیں، 20 ستمبر کو اسلام آباد میں چاروں طرف سے آئیں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی کو عوام نے بھتا ٹیکس قرار دیا ہے، حکومت کو پیٹرولیم لیوی ختم کرنا ہوگی، حکومت کو بہت مناسب تجاویز دی ہیں، اگر شرح سود میں 3 فیصد کمی کر دیں تو 1700 ارب روپے بچا سکتے ہیں، شہباز شریف اس بات کا جواب دیں کہ شرح سود کم کیوں نہیں کرتے۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی صورت اپنے مطالبات سے دستبردار نہیں ہوں گے، ہم نے لیوی ختم کرائی ہے، 36 شہروں میں دھرنے ہو رہے ہیں، 20 ستمبر کو چاروں طرف سے اسلام آباد آئیں گے، اگر حکومت نے ٹال مٹول سے کام لیا تو ہم مذاکرات ختم کر دیں گے۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ اگر پی ٹی آئی نے اے پی سی میں بلایا تو ضرور جائیں گے، ہم بانی پی ٹی آئی عمران خان کو سیاسی قیدی سمجھتے ہیں جبکہ اپوزیشن کے ساتھ ہمارے رابطے ہیں۔

بقیہ 6

جنگ سے متاثرہ علاقوں کی تعمیر نو اور مستقبل کے سیاسی انتظام پر قابلِ عمل اتفاق ناگزیر ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ساڑھے چار سال سے زائد عرصے سے جاری اس جنگ نے نہ صرف روس اور یوکرین بلکہ پورے یورپ کی سلامتی، معیشت اور توانائی کے نظام کو شدید متاثر کیا ہے۔ بڑے پیمانے پر جانی نقصان، لاکھوں افراد کی نقل مکانی، بنیادی ڈھانچے کی تباہی اور مسلسل بڑھتے ہوئے فوجی اخراجات اس تنازعے کو مزید طول دینے کے سنگین نتائج کو نمایاں کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ روس۔یوکرین جنگ بندی کے علاقائی اور عالمی اثرات بھی انتہائی مثبت ہوں گے۔ یورپ میں کشیدگی کم ہونے، توانائی اور غذائی منڈیوں میں استحکام آنے اور روس ومغرب کے درمیان سفارتی روابط کی بحالی کے امکانات پیدا ہوں گے۔ عالمی سطح پر تیل، گیس، اناج اور دیگر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر دباؤ کم ہونے سے ترقی پذیر ممالک کو بھی ریلیف ملے گا اور عالمی معیشت کو تقویت حاصل ہوگی۔چیئرمین قائمہ کمیٹی نے مزید کہا کہ جی 20 اجلاس اس مقصد کے لیے ایک مؤثر سفارتی پلیٹ فارم ثابت ہوسکتا ہے۔امریکہ سمیت عالمی طاقتوں کو فریقین کے درمیان اعتماد سازی، براہِ راست مذاکرات اور مستقل جنگ بندی کے لیے اپنی سفارتی کوششیں تیز کرنی چاہئیں۔ عالمی برادری کو جنگ کے تسلسل کی بجائے مذاکرات اور سیاسی حل کے ہر ممکن راستے کی حوصلہ افزائی کرنا ہوگی۔ ساڑھے چار سال سے جاری تباہ کن جنگ کے بعد امن کا کوئی سنجیدہ موقع ضائع کرنا روس، یوکرین، یورپ یا عالمی برادری، کسی کے مفاد میں نہیں۔

بقیہ 7

القاعدہ افغانستان میں ٹی ٹی پی سمیت دیگر گروہوں کو خفیہ کارروائیوں اور سکیورٹی کے حوالے سے تربیت دے رہی ہے۔ بتایا گیا کہ اقوام متحدہ کے مطابق افغانستان میں القاعدہ کے ارکان ٹی ٹی پی کے لیے خودکش حملہ آوروں کی تربیت بھی کر رہے ہیں، ٹی ٹی پی کے افغانستان میں تقریباً 7 ہزار جنگجو موجود ہونے کا اندازہ ہے جو پاکستان کے خلاف کارروائیاں کر رہے ہیں، ٹی ٹی پی نے افغانستان کے کم از کم 4 صوبوں میں کیمپ قائم کر رکھے ہیں، جن میں القاعدہ اور طالبان کے ملوث ہونے کی اطلاعات ہیں۔واشنگٹن پوسٹ کے مطابق افغان سرزمین سے ٹی ٹی پی کے پاکستانی فوجی چوکیوں اور دیگر اہداف پر سینکڑوں سرحد پار حملوں کا انکشاف ہوا ہے، طالبان رجیم کے زیرِاثر افغانستان ٹی ٹی پی کے لیے محفوظ پناہ گاہ اور پاکستان مخالف دہشت گردی کا اہم مرکز بن چکا ہے۔رپورٹ کے مطابق افغانستان میں القاعدہ کے ساتھ داعش خراسان بھی اپنے نیٹ ورک کو وسعت دے رہی ہے، داعش خراسان نے تقریباً 2 ہزار جنگجو بھرتی کیے، شمالی افغانستان کو تربیت اور کارروائیوں کا مرکزی مرکز بنایا، افغانستان میں القاعدہ اور داعش خراسان سمیت مختلف جہادی تنظیموں کے قدم جمانے سے خطے کو نیا دہشت گردی کا خطرہ درپیش ہے۔واشنگٹن پوسٹ کی رپورٹ میں واضح کیا گیا کہ طالبان رجیم کے اقتدار میں افغانستان میں دہشت گرد گروہوں کی سرگرمیوں کا دوبارہ منظم ہونا عالمی تشویش کا باعث بن رہا ہے، افغانستان میں القاعدہ اور داعش خراسان مقامی اور ہمسایہ ممالک سے نئے جنگجو بھرتی کرنے پر توجہ دے رہی ہیں۔رپورٹ کے مطابق امریکی انٹیلی جنس صلاحیتوں میں کمی کے باعث افغانستان میں نئے دہشت گرد تربیتی مراکز کی نگرانی مشکل ہوگئی، طالبان رجیم کے دعوؤں کے برعکس افغانستان میں القاعدہ، ٹی ٹی پی اور داعش خراسان کی موجودگی دہشت گردی کے مسلسل خطرے کی نشاندہی کرتی ہے۔واشنگٹن پوسٹ کے مطابق افغانستان میں دہشت گرد نیٹ ورکس کی دوبارہ منظم ہوتی سرگرمیاں نائن الیون کے بعد حاصل کی گئی کامیابیوں کے لیے نیا چیلنج ہیں، واشنگٹن پوسٹ کے مطابق افغانستان ایک بار پھر ایسا ماحول فراہم کر رہا ہے جہاں القاعدہ اور دیگر دہشت گرد گروہ اپنی صلاحیتیں بحال کرسکتے ہیں۔

بقیہ 8

ہرنائی کے علاقے شاہرگ میں واقعہ پی ایم ڈی سی کول مائن 151 میں زہریلی گیس بھر جانے کے باعث زوردار دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں 9 کارکن ملبے تلے دب گئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیموں اور مقامی انتظامیہ نے ریسکیو آپریشن شروع کردیا۔ ریسکیو آپریشن کے دوران کانکن سے 4 کانکنوں کی نعشیں اور 5 کو زخمی حالت میں نکال کر ہسپتال پہنچادیا گیا جہاں نعشوں کو ضروری کارروائی کے بعد آبائی علاقے سوات روانہ کردیا گیا اور زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کردیا گیا۔ مقامی انتظامیہ مزید کارروائی کررہے ہیں۔

بقیہ 9

کے وکیل نعیم حیدر پنجوتھہ کے خلاف بجلی چوری کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقدمہ کھانا پھیرا میں درج کیا گیا۔مقدمہ ایس ڈی او فیسکو محمد عاطف ضیا کی مدعیت میں درج کیا گیا۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق واپڈا اہلکاروں نے 9 ستمبر کو بجلی کا میٹر مشکوک جان کر اسے لیبارٹری ٹیسٹ کے لیے بھجوایا۔فیسکو حکام کے مطابق لیبارٹری کی رپورٹ آنے کے بعد مقدمے کا اندراج کیا گیا۔بجلی کے میٹر کی باڈی ٹیمپر ڈھی اور دونوں سائیڈ کی سیل توڑ کر بجلی چوری کی جارہی تھی۔فیسکو حکام کے مطابق بجلی کا میٹر نعیم حیدر پنجوتھہ کے ڈیرے پر نصب تھا۔تاحال مقدمہ درج ہونے کے بعد پی ٹی آئی رہنما کی گرفتاری عمل میں نہیں لائی جاسکی۔

بقیہ 10

کاموں کے آرڈر جاری کئے گئے ہیں۔ یہ بات انہوں نے ڈی جی لوکل گورنمنٹ کے دفتر میں ٹینڈر اوپن کرنے کے موقع پر ٹھیکیداروں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر اسسٹنٹ انجینئر احسان نذیر بھی موجود تھے بلوچستان کے مختلف ڈسٹرکٹ میں ترقیاتی کاموں کیلئے ٹینڈرز شفاف طریقے سے اوپن کردیئے گئے ہیں ٹینڈر حاصل کرنے والے ٹھیکیداروں کو سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے کام کو معیار اور مقررہ وقت میں مکمل کریں۔نثار احمد بلیدی نے کہا کہ سیکرٹری بلدیات رؤف بلوچ اور ڈی جی لوکل گورنمنٹ ایوب قریشی نے سختی سے ہدایات جاری کی ہیں کہ ٹینڈرنگ کے عملے کو شفاف بنایا جائے اور آج بلوچستان کے مختلف ڈسٹرکٹ میں کاموں کیلئے ٹھیکیداروں نے ٹینڈر جمع کرائے تھے جنہیں ٹھیکیداروں کی موجودگی میں اوپن کیا گیا ہے اور اس امر کو یقینی بنایا گیا ہے کہ کسی بھی ٹھیکیدار کی حق تلفی نہ ہو اور مطلوبہ شرائط پر پورا اترنے والے ٹھیکیداروں کو ترقیاتی کاموں کے آرڈر جاری کئے گئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ٹھیکیداروں کی بھی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ ٹینڈر ملنے کے بعد کام کے معیار اور اسے بروقت کرنے کیلئے اقدامات کریں تاکہ لوگ شہری ترقیاتی کاموں سے فائدہ اٹھاسکیں۔

بقیہ 11

ہونے کا امکان پولیس کے مطابق صدر پولیس ڈیرہ مراد جمالی گزشتہ شب ربی کے علاقے میں کسٹم حکام کی جانب سے کار پر فائرنگ کرنے اور نوجوان کو زخمی کرنے پر حرکت میں آ گئی کسٹم حکام کی گاڑی بھی نان کسٹم ڈیوٹی پیڈ نکلی جس پر پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے گاڑی کو تحویل میں لیکر دو اہلکاروں کو حراست میں لے لیا گیا ذرائع کے مطابق دونوں اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج ہونے کا امکان ظاہر کیا جارہا ہے

بقیہ 12

تعطیلات ختم ہوگی (آج) پیر سے معمول کے مطابق مقدمات کی سماعت ہوگی۔تفصیلات کے مطابق وفاقی آئینی عدالت میں وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کے خلاف درخواست کی سماعت (آج) پیر کو ہوگی جبکہ سپریم کورٹ میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہسپتال منتقلی سمیت دیگر درخواستوں پر سماعت بدھ کو ہوگی۔وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کے خلاف درخواست پر سماعت چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت امین الدین خان کی سربراہی میں بینچ کرے گا۔ سہیل آفریدی کے خلاف درخواست شیر افضل مروت نے دائر کر رکھی ہے، درخواست میں علی امین گنڈاپور کی بطور وزیراعلیٰ بحالی کی بھی استدعا کی گئی ہے۔بانی پی ٹی آئی عمران خان کی طرح دیگر قیدیوں کی بھی ہسپتال سے علاج کی درخواستوں پر بھی چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں تین رکنی بینچ سماعت کرے گا۔دوسری طرف سپریم کورٹ میں بانی کی شفا ہسپتال منتقلی کیس کی سماعت سولہ ستمبر کو ہوگی۔ 18 اگست کے حکم کے خلاف حکومت کی نظرثانی اپیل پر سماعت بھی اسی روز مقرر ہے، حکم پر عمل درآمد نہ کرنے پر پی ٹی آئی کی توہین عدالت درخواست بھی سنی جائے گی۔سپریم کورٹ کی ویب سائٹ پر اگلے عدالتی ہفتے کی کازلسٹ ابھی جاری نہیں ہوئی۔

بقیہ 13

بنائیں، تعلیم حاصل کریں اور پارلیمانی وجمہوری جدوجہد کے ذریعے ملک اور قوم کی تقدیر بدلنے میں اپنا کردار ادا کریں میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کو دیکھیں جہاں عوام اپنی ریاست اور آئینی اداروں کے ساتھ کھڑے ہوکر ترقی کی منازل طے کررہے ہیں دنیا میں ایسی کوئی مثال نہیں ملتی جہاں ریاست اور آئین کے خلاف ہتھیار اٹھانے والوں کے سامنے ریاستی نظام کو کمزور کیا گیا ہو مذاکرات کے دروازے ان لوگوں کے لیے کھلے ہیں جو پاکستان کے آئین اور ریاستی نظام کو تسلیم کرتے ہیں، تاہم بندوق، دہشت گردی اور تشدد کے ذریعے اپنی بات منوانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی ہمیں آنے والی نسلوں کے لیے ایک ایسا بلوچستان اور پاکستان تشکیل دینا ہوگا جہاں امن، تعلیم، روزگار، ترقی اور خوشحالی ہو۔

بقیہ 14

پاکستان میں جاری شورش اور بدامنی کے حوالے سے بھی امریکہ کی پالیسیوں اور خطے میں اس کے تزویراتی مفادات کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، عالمی طاقتوں کو طاقت کے بجائے انصاف، خودمختاری اور باہمی احترام کے اصولوں کو ترجیح دینا ہوگی، فلسطین، افغانستان، مشرق وسطیٰ اور دیگر خطوں میں جاری بحرانوں کا مستقل حل طاقت کے استعمال کے بجائے سیاسی، سفارتی اور منصفانہ طریقہ کار سے ہی ممکن ہے، رہنماؤں نے کہا کہ جب تک دنیا پر چند طاقتوں کی بالادستی، دوہرے معیار اور مداخلت پسندانہ پالیسیوں کا خاتمہ نہیں ہوتا اس وقت تک حقیقی عالمی امن کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا، پاکستان کو بھی اپنی خارجہ پالیسی قومی مفادات، ملکی خودمختاری اور خطے کے امن کو سامنے رکھتے ہوئے تشکیل دینی چاہیے،انہوں نے کہا کہ بلوچستان سمیت ملک کے کسی بھی حصے میں بدامنی کے خاتمے کے لیے طاقت کے استعمال کے بجائے سیاسی مذاکرات، آئین وقانون کی بالادستی، عوام کے بنیادی حقوق اور محرومیوں کے ازالے کو یقینی بنایا جائے، جمعیت علماء اسلام ہر قسم کی دہشت گردی، انتہاپسندی اور بیرونی مداخلت کی مخالفت کرتے ہوئے ملک میں امن، سیاسی استحکام، جمہوری تسلسل اور قومی وحدت کے لیے اپنا مثبت اور اصولی کردار ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 15

ورفلور ملز کی جانب سے آٹے کی قیمتوں میں مزید کمی نہ کرنے کا بیان انتہائی افسوسناک ہے۔ایک طرف غریب عوام مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں جبکہ دوسری جانب مسلط فارم 47 کی حکومت اور محکمہ خوراک عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں مکمل طور پر غیر سنجیدہ دکھائی دے رہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبہ پنجاب سے بلوچستان گندم لانے پر پابندی عائد کرنا قابل افسوس ہے۔ اسی طرح سندھ سے گندم کی ترسیل میں مشکلات کے باعث گندم کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوچکا ہے جس کا براہِ راست اثر آٹے کی قیمتوں پر پڑ رہا ہے۔ حکومت کی جانب سے فلور ملز کو سستے داموں گندم کی عدم فراہمی، مارکیٹ میں گندم کی قلت اور ذخیرہ نہ ہونے کے باعث آٹے کی قیمتیں کم نہیں ہو رہیں۔اس وقت مارکیٹ میں آٹے کے نرخ عوام کی قوت خرید سے باہر ہوتے جا رہے ہیں۔ 20 کلو آٹے کا تھیلا تقریباً 3000 روپے، 50 کلو کا تھیلا تقریباً 7500 روپے، جبکہ 100 کلو آٹے کی بوری تقریباً 15000 روپے تک پہنچ چکی ہے۔ان قیمتوں میں اضافے نے خصوصاً غریب اور متوسط طبقے کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل بنا دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ حکومت کو چاہیے کہ گندم کی ترسیل میں حائل تمام رکاوٹیں فوری طور پر ختم کرے اور پنجاب وسندھ سے بلوچستان کو گندم کی بجائے براہِ راست آٹے کی ترسیل شروع کی جائے، تاکہ عوام کو فوری ریلیف مل سکے۔ حکومت فلور ملز کو مناسب نرخوں پر گندم فراہم کرے اور اس بات کو یقینی بنائے کہ سستا آٹا حقیقی معنوں میں غریب عوام تک پہنچے۔ کیونکہ عوام پہلے ہی شدید مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی مشکلات کا شکار ہیں ایسے میں بنیادی خوراک کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ کسی صورت قابلِ قبول نہیں۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ آٹے کی قیمتوں میں فوری کمی لا کر پنجاب اور سندھ سے بلوچستان تک آٹے کی بلا رکاوٹ ترسیل یقینی بنائی جائے اور غریب عوام کو مقررہ سرکاری نرخوں پر سستا اور معیاری آٹا فراہم کیا جائے۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ شاہراہوں کی بندش، بدامنی اور لوٹ کھسوٹ کی صورتحال میں عوام کو ریلیف فراہم کرے۔

بقیہ 16

زبانوں میں ایک صفحے کا سادہ فارم جاری کردیا گیا، 20 کروڑ روپے تک سالانہ ٹرن اوور والے دکانداروں کو ایک فیصد ٹیکس دینا ہوگا، اسکیم لینے والے دکانداروں کو کم ازکم 25 ہزار روپے ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ اہل دکانداروں کو پی او ایس اور ڈیجیٹل انوائسنگ سے استثنیٰ حاصل ہوگا، اسکیم سے فائدہ اٹھانے والے تاجروں کا آڈٹ بھی نہیں کیا جائیگا، رجسٹرڈ تاجروں کو ودہولڈنگ ایجنٹ کی ذمہ داری سے بھی استثنیٰ ملے گا۔ ایف بی آر کے مطابق دکاندار ویب سائٹ، موبائل ایپ یا ٹیکس آفس کے ذریعے رجسٹریشن کرا سکیں گے، قواعد کی پابندی کرنیوالی دکان پر کیو آر کوڈ والی گرین پلیٹ آویزاں کی جائیگی، ٹیکس عملے کو رجسٹرڈ دکانداروں کی انسپکشن کی اجازت نہیں ہوگی۔

بقیہ 17

منایا جائے گا، جو 14 سے 19 ستمبر تک جاری رہے گا ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر جھل مگسی ڈاکٹر علی خان مگسی نے اپنے آفس میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت کی جانب سے جاری آگاہی پیغام میں کہا گیا ہے کہ پیدائش سے 5 سال تک کی عمر کے بچوں کو ڈی ورمنگ گولیاں اور ضروری ویکسین فراہم کی جائیں گی، جبکہ 14 سے 49 تک کی خواتین کو ٹی ڈی ویکسین لگائی جائے گی۔اس کے علاوہ بچوں کو ڈپتھیریا سے بچاؤ کی ویکسین بھی دی جائے گی۔محکمہ صحت نے والدین اور شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے بچوں کی صحت اور ویکسینیشن کو یقینی بنائیں اور اس قومی صحت مہم میں محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر جھل مگسی ڈاکٹر علی خان مگسی نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے پانچ سال تک کے بچوں کو ویکسین اور دیگر حفاظتی سہولیات سے محروم نہ رکھیں، کیونکہ صحت مند بچے ہی خوشحال خاندان اور مضبوط معاشرے کی بنیاد ہیں۔

بقیہ 18

اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس سانحے سے وہ خود بھی غمزدہ ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ انہوں نے زخمی کانکنوں کی جلد صحت یابی کے لیے بھی دعا کی اور امید ظاہر کی کہ زخمی جلد روبہ صحت ہوکر اپنے گھروں کو لوٹیں گے۔صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے ضلعی انتظامیہ اور مائنز ڈیپارٹمنٹ کے حکام کو ہدایت کی کہ وہ کوئلہ کانوں میں پیش آنے والے حادثات کو روکنے کے لیے سیفٹی کے خصوصی اقدامات کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی حفاظت کے لیے تمام ضروری اقدامات فوری طور پر مکمل کیے جائیں۔

بقیہ 19

اسلامی عوام کو درپیش مشکلات، ناانصافی اور ظلم کے خلاف ہر سطح پر جمہوری مزاحمت اور جدوجہد جاری رکھے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے 20 ستمبر لانگ مارچ اور دیگر احتجاجی سرگرمیوں کے حوالے سے منعقدہ ذمہ داران کے اجلاس سے ٹیلیفونک خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں صوبائی، ضلعی اور برادر تنظیموں کے ذمہ داران نے شرکت کی۔اجلاس میں 20 ستمبر لانگ مارچ اور مختلف اضلاع میں دھرنا کیمپوں کی تیاریوں کے حوالے سے مشاورت اور اہم فیصلے کیے گئے۔مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے مزید کہا کہ بلوچستان کے حالات تجزیوں اور خبروں سے کہیں زیادہ خراب ہیں۔اسلام آباد کے حکمران ہوش کے ناخن لیں، محض تجزیوں اور تجربات کے بجائے بلوچستان کے عوام کو امن، آئینی حقوق اور وسائل پر دسترس فراہم کریں۔ بلوچستان کے عوام کی سب سے بنیادی ضرورت امن ہے، جبکہ وہے کے وسائل پر سب سے پہلا حق بلوچستان کے عوام کا ہے؛ یہ وسائل ان کی ترقی، تعلیم، صحت، روزگار اور بنیادی سہولیات پر خرچ ہونے چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی ایوان کے اندر بھی اور ایوان کے باہر بھی عوام کے حقوق کے لیے جمہوری مزاحمت اور جدوجہد جاری رکھے گی۔ حقوق کے حصول کے لیے لانگ مارچ، دھرنے اور پُرامن جمہوری احتجاج ہمارا آئینی و جمہوری حق ہے۔ بلوچستان کے عوام اپنے حقوق کے لیے جماعت اسلامی کی جدوجہد کا بھرپور ساتھ دیں اور 20 ستمبر اسلام آباد لانگ مارچ کو کامیاب بنائیں

بقیہ 20

پاک سے ہوا، جس کے بعد شرکاء نے باہمی تعارف اور مختلف تنظیمی و پیشہ ورانہ امور پر تفصیلی مشاورت کی۔اجلاس میں پی ایم اے بلوچستان کی سابقہ کابینہ کی خدمات کو سراہتے ہوئے تنظیم کے مستقبل کے لائحہ عمل اور دائرہ کار پر گفتگو کی گئی اور اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ پی ایم اے بلوچستان کا اپنا باقاعدہ آئین ہونا چاہیے جس میں تنظیم کے اختیارات، ذمہ داریوں اور دائرہ کار کو واضح کیا جائے۔

بقیہ 21

کہ آئی ایم ایف فی الحال پاکستان کے تمام اہداف پر اطمینان کا اظہار کر رہا ہے جس کی بڑی وجہ پاکستان کی جانب سے بانڈز کا اجرا ہے۔ذرائع کے مطابق بجلی کے بڑھتے ہوئے گردشی قرضے کا معاملہ حکومت کے لیے بڑا چیلنج بن سکتا ہے اور مذاکرات کے دوران پاکستان کو گردشی قرضے پر سخت سوالات کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔آئی ایم ایف نے سرکاری اخراجات میں کمی کی شرط عائد کر رکھی ہے، جس کے تحت وفاقی حکومت نے سرکاری اخراجات کم کرنے کے لیے اقدامات شروع کردیے ہیں، سرکاری اخراجات میں کمی کے لیے باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کے ساتھ جون 2026 تک حاصل کیے گئے اہداف پر مذاکرات ہوں گے، جبکہ رواں مالی سال کے لیے آئی ایم ایف نئے اہداف اور شرائط سے بھی آگاہ کرے گا۔

بقیہ 22

تحکمانہ قانونی کارروائی شروع کردی گئی ہے ترجمان بلوچستان پولیس کے ایک پریس ریلیز مطابق عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے بارڈر ہولڈنگ کیمپ کے انچارج اور ماسٹر پلان چوکی کے انچارج افسر کو بھی معطل کیا گیا ہے۔اسی طرح کوڑک ٹاپ چوکی کے انچارج اور دیگر اہلکاروں کے خلاف بھی کارروائی کرتے ہوئے انہیں معطل کر دیا گیا۔ترجمان کے مطابق عوامی شکایات اور اہلکاروں کے خلاف موصول ہونے والی شکایات کی بنیاد پر کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔ پولیس اہلکاروں کی جانب سے شہریوں کو بلاوجہ تنگ کرنے یا رشوت طلب کرنے کی شکایات پر کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ پولیس افسران اور اہلکاروں کے خلاف تحقیقات شروع کر کے الزامات ثابت ہونے پر سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 23

ڈگری اور انٹر کالجز میں کسی بھی تقریب یا تنظیمی سرگرمی کے انعقاد پر پابندی عائد کردی۔ڈائریکٹر کالجز اینڈ ہائر ایجوکیشن بلوچستان کی جانب سے جاری مراسلے کے مطابق محکمہ داخلہ وقبائلی امور بلوچستان کے 9 جولائی 2020 کے احکامات کی روشنی میں تعلیمی اداروں میں تمام اقسام کی تقریبات اور تنظیموں کی جانب سے سرگرمیوں کا انعقاد مجاز اتھارٹی کی پیشگی اجازت کے بغیر سختی سے ممنوع ہے۔مراسلے میں تمام کالجز کے پرنسپلز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ اداروں میں مذکورہ احکامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں اور کسی بھی تنظیم کی جانب سے تقریب یا سرگرمی منعقد نہ ہونے دیں۔ڈائریکٹوریٹ نے واضح کیا ہے کہ احکامات کی خلاف ورزی کی صورت میں ذمہ دار افراد کے خلاف بلوچستان ایمپلائز ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن (BEEDA) رولز کے تحت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔مراسلے کی نقول وزیر تعلیم بلوچستان، سیکرٹری کالجز اینڈ ہائر ایجوکیشن، ڈائریکٹر کالجز اینڈ ہائر ایجوکیشن کے پرسنل سیکرٹری اور ماسٹر فائل کو بھی ارسال کی گئی ہیں۔

بقیہ 24

ڈویژن کی سطح پر پارٹی تنظیم کو فعال کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے، پارٹی میں کارکن ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں انکے جائز مسائل کو ہر صورت حل کیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی ایگزیکٹو، صوبائی کونسل، ڈویژنل ضلعی اور بلوچستان کے تمام ونگز اور فورمز کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس سے ثناء اللہ جتک، سردار خیر محمد ترین، ثناء اللہ جتک، سردار خیر محمد ترین، نصیب اللہ اچکزئی، نعیم بلوچ، اختر بلوچ، ارباب اسد کاسی، سردار سرور سلیمانخیل، شہزادہ کاکڑ، شاہجہان گجر، نذر کاکڑ، ایم ظاہر موسیٰ خیل، انجینئر احسان، امتیاز جتک، عبدالغفور جعفر، اکرم گل، رحمت اللہ کدیزئی، اقلیتی ونگ کے جعفر جارج سمیت ڈویژنل وضلعی عہدیداروں اور صوبائی کونسل کے ممبران نے خطاب کیا۔ اجلاس میں بلوچستان بھر سے پاکستان پیپلز پارٹی کی صوبائی ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین، تمام ڈویژنز کے صدور، جنرل سیکریٹریز اور انفارمیشن سیکریٹریز، اضلاع کے صدور، جنرل سیکریٹریز وانفارمیشن سیکریٹریز، صوبائی کونسل کے اراکین جبکہ پارٹی کے تمام ونگز اور فورمز کے صدور، جنرل سیکریٹریز اور انفارمیشن سیکریٹریز نے شرکت کی۔ اجلاس میں پارٹی رہنماؤں، عہدیداران اور کارکنوں نے تنظیمی معاملات، عوامی مسائل، کارکنوں کو درپیش مشکلات اور پارٹی کو مزید فعال و مضبوط بنانے کے حوالے سے اپنی آراء اور تجاویز پیش کیں۔

بقیہ 25

دوران پاکستان کی ایران سے درآمدات کا حجم 24 کروڑ 80 لاکھ ڈالر رہا اور گزشتہ سال اسی مدت میں ایران سے درآمدات 21 کروڑ 20 لاکھ ڈالر تھیں۔جاری مالی سال کے ابتدائی 2 ماہ میں ایران سے درآمدات میں 17 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ذرائع کے مطابق جنگ کے دوران بھی پاکستان کی ایران سے درآمدات جاری رہیں۔ سرکاری اعداد وشمار سے معلوم ہوتا کہ پاکستان کی مالی سال 2025-26 میں ایران سیدرآمدات 12 فیصد اضافے کے ساتھ ایک ارب 39 کروڑ 50 لاکھ ڈالر ریکارڈ کی گئیں تھیں۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستان کا ایران سے درآمدات پر ہرگزرتے سال کے ساتھ انحصار بڑھ رہا ہے۔ مالی سال 2024-25 میں ایران سے درآمدات ایک ارب 24 کروڑ 10 لاکھ ڈالر، مالی سال 2023-24 میں ایک ارب 3 کروڑ 70 لاکھ ڈالر، مالی سال 2022-23 میں 88 کروڑ ڈالر، مالی سال 2021-22 میں 77 کروڑ 38 لاکھ ڈالر، مالی سال 2020-21 میں 51 کروڑ 86 لاکھ ڈالر اور مالی سال 2019-20 میں 44 کروڑ ڈالر تھیں۔

بقیہ 26

وزیراعلیٰ بننے کے 6 مہینے بعد میں نے درخواست دائر کی، بانی پی ٹی آئی نے کے پی بند کرنے کا کہا تھا، کیوں نہیں کیا؟ اٹک میں راتوں رات دھرنا کس کے کہنے پر ختم کیا گیا تھا؟ پی ٹی آئی کیساتھ ظلم وجبر ہوا، اس نے پارٹی کو مقبولیت دی، پی ٹی آئی کو خیرات میں کوئی کچھ نہیں ملے گا۔انہوں نے کہا کہ بات چیت چل رہی ہے مارچ کینسل کیا جائے تو بشریٰ بی بی کو ریلیف دیا جاسکتا ہے، بانی پی ٹی آئی کہیں گے تو مارچ میں شرکت کروں گا، پی ٹی آئی کا مارچ نہیں ہوگا، یہ مارچ کرتے نظر نہیں آرہے، تحریک انصاف والے منتیں کر رہے ہیں کوئی فیس سیونگ مل جائے، بانی پی ٹی آئی کی قید کے بعد بھی رابطے ختم نہیں ہوئے، 3 مرتبہ بات بنتے بنتے رہ گئی، لڑائی صلح پر ختم ہوگی، چاہیے وہ 28ویں ترمیم کی شکل میں ہو، فریقین ایک دوسرے کو معاف کر دیں تو لڑائی ختم ہوگی۔

بقیہ 27

کروڑ 80 لاکھ ڈالر رہا اور گزشتہ سال اسی مدت میں ایران سے درآمدات 21 کروڑ 20 لاکھ ڈالر تھیں۔ جاری مالی سال کے ابتدائی 2 ماہ میں ایران سے درآمدات میں 17 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ذرائع کے مطابق جنگ کے دوران بھی پاکستان کی ایران سے درآمدات جاری رہیں، سرکاری اعداد وشمار سے معلوم ہوتا ہے کہ پاکستان کی مالی سال 2025-26 میں ایران سیدرآمدات 12 فیصد اضافے کے ساتھ ایک ارب 39 کروڑ 50 لاکھ ڈالر ریکارڈ کی گئیں تھیں۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستان کا ایران سے درآمدات پر ہرگزرتے سال کے ساتھ انحصار بڑھ رہا ہے۔ مالی سال 2024-25 میں ایران سے درآمدات ایک ارب 24 کروڑ 10 لاکھ ڈالر، مالی سال 2023-24 میں ایک ارب 3 کروڑ 70 لاکھ ڈالر، مالی سال 2022-23 میں 88 کروڑ ڈالر، مالی سال 2021-22 میں 77 کروڑ 38 لاکھ ڈالر، مالی سال 2020-21 میں 51 کروڑ 86 لاکھ ڈالر اور مالی سال 2019-20 میں 44 کروڑ ڈالر تھیں۔

بقیہ 28

متعارف نہیں کروایا تو لٹھ لے کر کھڑے نہیں ہوسکتے۔رانا ثنااللہ نے کہا ہے کہ صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر ابھی بہت وقت ہے، صوبوں کی تقسیم کا معاملہ پارلیمنٹ میں آیا تو ہر کوئی اپنی رائے دے گا، صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر پارلیمانی یا اسٹینڈنگ کمیٹی بن سکتی ہے، صوبوں کے معاملے پر چھ سے آٹھ ماہ لگتے نظر آتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے، (ن) لیگ نے صوبوں کی تقسیم کا پراجیکٹ شروع نہیں کیا، ہماری لائن واضح ہے، پنجاب میں (ن) لیگ کی مقامی قیادت بہاولپور کو جنوبی پنجاب کے ساتھ نہیں لے جانا چاہتی۔انہوں نے مزید کہا کہ بہاولپور کو الگ صوبہ بنانے کے ساتھ لاہور کے ساتھ رکھنے کی تجاویز موجود ہیں، صوبوں کی تقسیم کے حق میں (ن) لیگ کی جانب سے کوئی بڑی بات سامنے نہیں آئی، صوبوں کے معاملے پر پیپلز پارٹی کو سیاسی فائدہ ہوا، کینال پراجیکٹ پر صدر زرداری نے حمایت کی، عوامی احتجاج کے بعد پراجیکٹ بند کروا دیا گیا۔رانا ثنا اللہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے ساتھ پس پردہ گفتگو ہو رہی ہوگی، بانی پی ٹی آئی سے پس پردہ گفتگو اپنانے کی ایک قیمت ہے، قیمت چکانا پڑے گی۔انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف سطح پر ہو کر اسلام آباد آنے کی تیاری کر رہی ہے، فتنہ الخوارج مبینہ طور پر بھارت کے اسپانسرڈ ہیں، فتنہ الخوارج پی ٹی آئی کی ریلی کو ہدف بنا کر حکومت اور عوام میں دوری پیدا کرسکتے ہیں، تحریک انصاف کا احتجاج ٹکے ٹوکری ہوجائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ کابینہ یا سینیٹ میں بات کریں گے تو ان سے جواب لے لیں گے، وفاقی وزیر شیخ قیصر میرے سامنے ہر دوسرے دن شہباز شریف سے ملتے ہیں، شیخ قیصر کے اعتراضات یا شہباز شریف سے ملاقات نہ ہونے کی مجھے سمجھ نہیں آرہی۔رانا ثنا اللہ نے کہا کہ کچھ چیزیں غور وخوض کے لیے ہوتی ہیں، ہر چیز پبلک نہیں کرنی چاہیے۔

بقیہ 29

شیرانی کے عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مدد مل رہی ہے، ضلع شیرانی میں انفراسٹرکچر کی بہتری سے مقامی آبادی کیلئے روزمرہ زندگی مزید آسان بنانے کی بنیاد بھی مضبوط ہوئی ہے، ایف سی بلوچستان نارتھ، سول انتظامیہ اور منتخب نمائندوں نے ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر اور کامیاب نگرانی میں اہم کردار ادا کیا، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے ریاستی اداروں کے عوامی خدمت اور پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کے عزم کو تقویت مل رہی ہے، عوامی فلاح، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور پائیدار انفراسٹرکچر کے ذریعے بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی کی جانب لے جانے کا سفر تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔

بقیہ 30

روپے فی لیٹر کا ریلیف دینے پر مجبور ہوئی۔اپنے بیان میں حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ ہماری جدوجہد کے نتیجے میں حکومت 100 روپے فی لیٹر کا ریلیف دینے پر مجبور ہوئی۔انہوں نے کہا کہ موٹرسائیکل، رکشہ اور چھوٹی گاڑیوں کے لیے پیٹرول پر ریلیف کا جائزہ لیں گے۔حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ اس اسکیم سے پیٹرول لیوی کے خلاف جاری ہماری جدوجہد پر فرق نہیں پڑے گا۔ خیال رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے فی لیٹر پیٹرول پر 100 روپے ریلیف دینے کی خصوصی اسکیم شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے، ایک بیان میں وزیراعظم نے کہا تھا کہ تیل کی قیمتوں میں اضافے سے عوام پر پڑنے والے بوجھ کا پورا احساس ہے۔انہوں نے کہا تھا کہ موٹرسائیکل، رکشہ، چنگچی اور چھوٹی گاڑیوں کیلئے خصوصی اسکیم شروع کر رہے ہیں۔

بقیہ 31

پرآمد 18 ہزار 900 کیوسک اور اخراج 18 ہزار 900 کیوسک، خیرآباد پل آمد ایک لاکھ 62 ہزار 500 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 62 ہزار 500 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 11 ہزار 400 کیوسک اور اخراج 30 ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 41 ہزار 300 کیوسک اور اخراج 14 ہزار 200 کیوسک رہا۔ جناح بیراج آمد ایک لاکھ 79 ہزار کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 70 ہزار 700 کیوسک، چشمہ آمد ایک لاکھ 85 ہزار 900 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 65 ہزار کیوسک، تونسہ آمد ایک لاکھ 62 ہزار کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 39 ہزار 300 کیوسک، گدو آمد ایک لاکھ 42 ہزار 800 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 14 ہزار 900 کیوسک، سکھر آمد ایک لاکھ 12 ہزار کیوسک اور اخراج 60 ہزار کیوسک، کوٹری آمد ایک لاکھ 28 ہزار 900 کیوسک اور اخراج 94 ہزار 300 کیوسک، تریموں آمد 17 ہزار 600 کیوسک اور اخراج 6 ہزار 200 کیوسک، پنجند آمد 21 ہزار کیوسک اور اخراج 6 ہزار 800 کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔ آبی ذخائر میں تربیلا کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1402 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 1544.47 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1550 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 5.262 ملین ایکڑ فٹ، منگلا کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1050 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 1220.15 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1242 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 5.593 ملین ایکڑ فٹ جبکہ چشمہ کا کم از کم آپریٹنگ لیول 638.15 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 646.10 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 649 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 0.178 ملین ایکڑ فٹ رہا۔تربیلا، جناح اور چشمہ کے مقامات پر دریائے سندھ، نوشہرہ کے مقام پر دریائے کابل اور منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد اور اخراج 24 گھنٹے کے اوسط بہاؤ کی صورت میں ہے۔

بقیہ 32

میں داخل ہونے کی کوشش کر رہے تھے۔سفر، رہائش، روزگار اور پناہ دینے کی کوششوں میں ملوث 21 افراد کو بھی حراست میں لیا گیا۔ سعودی وزارت داخلہ نے کہا کہ جو بھی شخص غیر قانونی تارکین کو سعودی عرب میں داخل ہونے کی سہولت فراہم کرے گا، اسے 15 سال قید اور 10 لاکھ ریال تک جرمانے کے ساتھ گاڑی اور جائیداد کی ضبطگی کی سزا کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ مکہ مکرمہ اور ریاض میں ٹول فری نمبر 911 جبکہ مملکت کے دیگر علاقوں میں 999 یا 996 پر مشتبہ خلاف ورزیوں کی اطلاع دی جاسکتی ہے۔

بقیہ 33

ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ زہری میں پائیدار امن کے قیام کے لیے صوبائی حکومت ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔ علاقائی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے لیے قبائلی عمائدین کو بھی اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جھالاوان مزید سانحات اور افسوسناک واقعات کا متحمل نہیں ہوسکتا۔حکومت قیام امن کے لیے قبائلی عمائدین اور شہریوں کے ساتھ ہر ممکن تعاون کرے گی اور علاقے میں امن واستحکام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ زہری میں تعلیم، صحت اور کاروباری سرگرمیوں کی بحالی میں مقامی عمائدین کو بڑھ چڑھ کر حصہ لینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ علاقے کے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع سمیت تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں گے صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت اور مقامی عمائدین کے باہمی تعاون سے زہری سمیت پورے جھالاوان میں امن، ترقی اور معمولات زندگی کی مکمل بحالی کو یقینی بنانے کی کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 34

اور روٹس کی اپ گریڈیشن اور پنج تخرہ چوک انڈر پاس کی تعمیر شامل ہیں۔ یہ منصوبے مجموعی طور پر 9.3 ارب روپے کے تخمینہ لاگت سے مکمل کیے جائیں گے۔ اہم شاہراہوں اور روٹس کی اپ گریڈیشن منصوبے کے فیز ون میں شہر کی 19 اہم شاہراہوں اور روٹس کی اپ گریڈیشن، تزئین وآرائش اور بہتری شامل ہے۔ یہ منصوبہ 7.2 ارب روپے کی لاگت سے مکمل کیا جائے گا۔

بقیہ 35

صدر عبدالقہار خان ودان، سید شراف آغا، مجید خان اچکزئی، کبیر افغان اور دیگر رہنماؤں نے سینیٹر نصیب اللہ خان بازئی کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمانے کی دعا کی ہے۔ بیان میں مرحوم کی سیاسی جمہوری وطنی خدمات پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

بقیہ 36

انسانی بحران سے متاثرہ افراد کی مدد کے لیے 10 ملین امریکی ڈالر کی ہنگامی امداد فراہم کر رہا ہے۔ یہ امداد امارات ریڈ کریسنٹ کے ذریعے فراہم کی جائے گی، جس میں خوراک کی بنیادی اشیا، رہائش کے لیے ضروری سامان، صحت، صاف پانی، صفائی ستھرائی اور حفظانِ صحت کی سہولیات کے ساتھ ساتھ ادویات، طبی سامان اور آلات شامل ہوں گے۔ امدادی پروگرام کا مقصد ہیٹی میں اندرونِ ملک بے گھر ہونے والے افراد اور سب سے زیادہ کمزور طبقات کی بڑھتی ہوئی ضروریات پوری کرنا بھی ہے۔ یہ امدادی پروگرام بیرونِ ملک متحدہ عرب امارات کے مشنز، بین الاقوامی تنظیموں اور متعلقہ انسانی امدادی اداروں کے تعاون اور رابطے سے نافذ کیا جائے گا۔اس سے زمینی سطح پر رابطہ کاری بہتر بنانے، ترجیحات اور حقیقی ضروریات کا تعین کرنے اور امداد کو زیادہ ضرورت مند افراد اور علاقوں تک پہنچانے میں مدد ملے گی۔ امارات ریڈ کریسنٹ نے بتایا ہےکہ امدادی پروگرام کے نفاذ کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ پہلے مرحلے میں خوراک، رہائش، صحت، پانی اور صفائی کی فوری ضروریات پر توجہ دی جائے گی۔ اس کے علاوہ مقامی اداروں اور انسانی امدادی شراکت داروں کی صلاحیتوں کو بھی مضبوط کیا جائے گا تاکہ بڑھتے ہوئے تشدد اور وسیع پیمانے پر نقل مکانی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے انسانی، سکیورٹی اور لاجسٹک مسائل سے نمٹا جاسکے۔ امارات ریڈ کریسنٹ نے کہا کہ وہ اپنے شراکت داروں کے ساتھ مل کر ہیٹی کی انسانی صورتحال کی مسلسل نگرانی کر رہا ہے تاکہ بدلتی ہوئی ضروریات کی نشاندہی کی جا سکے اور بحران کے اثرات کو کم کرنے کے لیے ضروری مدد فراہم کی جا سکے۔ واضح رہے کہ ہیٹی اس وقت شدید انسانی بحران کا سامنا کر رہا ہے، جس کی بڑی وجوہات بڑھتا ہوا تشدد، عدم تحفظ اور بنیادی سہولیات کی کمی ہیں۔ تازہ بین الاقوامی اعداد وشمار کے مطابق ہیٹی میں 10 لاکھ سے زائد افراد اندرونِ ملک بے گھر ہو چکے ہیں، جن میں تقریباً نصف بچے ہیں جبکہ لاکھوں افراد کو غذائی عدم تحفظ کا سامنا ہے اور انہیں فوری انسانی امداد کی ضرورت ہے۔

بقیہ 37

ذمہ داریاں نبھائیں اور بہادری سے پیش رفت بنیں'' کے عنوان سے اہم خطاب کیا۔ انہوں نے گزشتہ 20 برسوں کے دوران برکس ممالک کی خود انحصاری، مشکلات میں ایک دوسرے کا ساتھ دینے اور شاندار کامیابیوں کا جامع جائزہ پیش کیا اور واضح طور پر ''چار رہنما اقدار'' اپنانے کی اہم تجویز پیش کی، جسے اجلاس میں شریک رہنماؤں نے سراہا اور عالمی سطح پر بھی اس پر مثبت ردعمل سامنے آیا۔ صدر شی جن پھنگ کی جانب سے پیش کیے گئے چار رہنما اقدار کی واضح عملی اور مستقبل کے لیے بھی خاص اہمیت ہے۔ اختراعی ترقی میں پیش رو قوت بننے کا مطلب یہ ہے کہ برکس ممالک کے مصنوعی ذہانت کے ذریعے نئی صنعت کاری کے اقدام کو عملی شکل دینا اور اختراعی فوائد کو تمام ممالک کی مشترکہ ترقی کے لیے نئی قوت میں تبدیل کرنا ہے۔ امن واستحکام کو برقرار رکھنے کے رہنما اقدار کا مطلب یہ ہے کہ مشترکہ، تعاون پر مبنی، جامع اور پائیدار سیکورٹی کے نظریے کو اپنانا اور خطے کے تنازعات کے حل کے لیے بنیادی اسباب کا تدارک کرنا ہے۔ تہذیبوں کے درمیان باہمی سیکھ کو آگے بڑھانے کا مطلب، انسانیت کے مشترکہ اقدار اور ثقافتوں کے درمیان ہم آہنگی کو فروغ دینا ہے اور عالمی طرز حکمرانی میں بہتری لانے میں قائدانہ کردار ادا کرنے کے لئے اقوام متحدہ کے وقار کا مضبوطی سے تحفظ اور گلوبل ساتھ کے ممالک کی عالمی سطح پر آواز کو مزید مؤثر بنانا ہے۔ صدر شی جن پھنگ کی جانب سے پیش کردہ چار رہنما اقدار میں اہم رہنمائی مضمر ہے۔ اتحاد اور تعاون ہمیشہ برکس تعاون کے ڈھانچے کی ترقی کی طاقت کا ذریعہ رہے ہیں۔ اگر ہم ایمانداری اور باہمی احترام کے ساتھ بات چیت کریں، اختلافات کو قبول کریں، ایک دوسرے کے بنیادی مفادات کا احترام کریں اور مکالمے کے ذریعے باہمی مفاہمت کو فروغ دیں اور تنازعات کو مناسب طریقے سے حل کریں تو برکس کا تعاون پائیدار اور مضبوط طریقے سے آگے بڑھ سکتا ہے۔

بقیہ 38

بھٹی نے کہا کہ حکومت اور سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر معیشت کے استحکام، امن وامان اور کاروباری طبقے کو درپیش مسائل کے حل کیلئے مشترکہ لائحہ عمل تشکیل دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ تاجر برادری ملک میں سیاسی استحکام، پالیسیوں کے تسلسل اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ کی خواہاں ہے۔ موجودہ حالات میں کسی بھی ایسی سرگرمی سے گریز کیا جانا چاہیے جس سے ملک کی معیشت، سرمایہ کاری اور کاروبار کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہو۔ تمام سیاسی قوتیں مذاکرات کے ذریعے معاملات حل کریں تاکہ ملک کو سیاسی استحکام کے ساتھ معاشی ترقی کی راہ پر آگے بڑھایا جاسکے۔

بقیہ 39

قادر پٹیل نے کہا کہ مصطفیٰ کمال ماضی میں خود خالد مقبول صدیقی کو را کا ایجنٹ قرار دے چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خالد مقبول صدیقی وضاحت کریں کہ مصطفیٰ کمال اس وقت جھوٹ بول رہے تھے یا آج سچ بول رہے ہیں؟ قادر پٹیل نے کہا کہ عوام کو نئے صوبوں کا لولی پوپ دینے سے پہلے بتائیں کہ بوری بند نعشیں کس کا تحفہ ہے، بھتے کی لالچ میں کراچی کی صنعتیں کس نے برباد کیں۔ قادر پٹیل نے کہا کہ ایم کیو ایم مگرمچھ کے آنسو بہانا بند کرے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی سندھ کے عوام کو تقسیم کرنے کی ہر کوشش کے خلاف جمہوری اور آئینی جدوجہد جاری رکھے گی۔ رہنما پیپلز پارٹی نے کہا کہ خالد مقبول صدیقی جتنی بار صوبے کا کارڈ کھیلیں گے، عوام اتنی ہی بار ان سے حساب مانگیں گے۔

بقیہ 40

آٹھ سالہ بچے کو انجکشن لگایا انجکشن ریکشن کرنے کے باعث بچے نے ماں باپ کے سامنے تڑپ کر جان دیدی بچے کی موت واقع ہونے پر ڈاکٹر اپنا کلینک بند کرکے فرار ہوگیا والدین نے اپنے لخت جگر کی اپنے ہاتھوں میں لاش اٹھا کر قومی شاہراہ پر دھرنا دیا اور شدید احتجاج کیا جس پر پولیس اور محکمہ صحت ڈیرہ اللہ یار کی انتظامیہ حرکت میں آ گئی واقعے کا مقدمہ درج کرکے ڈاکٹر کی تلاش شروع کردی گئی

بقیہ 41

برسوں کے دوران کم از کم آٹھ اڈے قائم کیے گئے ۔رپورٹ میں اقوام متحدہ سے وابستہ ایک ادارے کے حوالے سے بتایا گیا کہ القاعدہ اور اس کے اتحادی گروہوں نے افغانستان کے کم از کم 14 صوبوں میں اپنی موجودگی قائم کی ہے جبکہ ملک میں داعش کے علاقائی دھڑے داعش خراسان نے بھی تربیتی مراکز قائم کیے ہیں۔

بقیہ 42

بلکہ یہ فنڈز امانت ہیں جنہیں صرف قانونی، جائز اور بار ایسوسی ایشن کے مقاصد کے مطابق استعمال کیا جاسکتا ہے۔ پنجاب بار کونسل کی فنانس کمیٹی کی جانب سے مختلف بار ایسوسی ایشنز کے آڈٹ کے دوران مالی معاملات کا جائزہ لینے کے بعد پنجاب بار کونسل نے ایکشن لیتے ہوئے سخت احکامات جاری کیے ہیں جن میں کہا گیا ہے کہ بار ایسوسی ایشنز کے فنڈز کا تحفظ اور استعمال قانون اور متعلقہ قواعد وضوابط کے مطابق یقینی بنایا جائے۔ ہدایات کے مطابق ہر اخراجات کا بار ایسوسی ایشن کے معاملات اور مقاصد سے قانونی اور جائز تعلق ہونا ضروری ہے جبکہ ہر خرچ کی باقاعدہ منظوری اور مکمل حساب کتاب بھی ہونا چاہیے۔ پنجاب بار کونسل نے واضح کیا ہے کہ بار ایسوسی ایشن کے فنڈز کو عمرہ، زیارت، سیاحت، ذاتی سفر یا کسی بھی دوسری ذاتی نوعیت کے اخراجات کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ یہ پابندی بار ایسوسی ایشن کے عہدیداران، کمیٹی ارکان اور دیگر افراد پر یکساں طور پر لاگو ہوگی۔ ہدایات میں تمام متعلقہ افراد کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کی متعلقہ بار ایسوسی ایشن کے فنڈز صرف قانونی اور جائز مقاصد کے لیے استعمال ہوں۔ پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چودھری قیصر نذیر ساہی اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی پنجاب بار کونسل ارشد علی ہنجرا نے کہا کہ مذکورہ ہدایات کی کسی بھی خلاف ورزی، بالخصوص بار فنڈز کو ذاتی یا نجی مقاصد کے لیے غیر مجاز طور پر استعمال کرنے کو انتہائی سنجیدگی سے لیا جائے گا۔ ایسے عمل کو بار فنڈز کا غلط استعمال تصور کیا جاسکتا ہے جس کے نتیجے میں ذمہ دار عہدیدار کے خلاف قانون کے مطابق تادیبی، قانونی کارروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔ پنجاب بار کونسل نے تمام متعلقہ بار ایسوسی ایشنز کو ہدایت کی ہے کہ فنڈز کے استعمال میں مکمل شفافیت، قانونی تقاضوں اور قواعد وضوابط کی سختی سے پابندی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 43

حکومت کو کڑی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ بھارت میں اب تک منعقدہ برکس اجلاسوں سے ہمیں کچھ حاصل نہیں ہوا، اجے شکلا نے کہا کہ سچائی یہ ہے کہ ہندوستان کی جی ڈی پی زیرو ہے، بیروزگاری اتنی ہے کہ لوگ کچھ بھی کرنے کو تیار ہیں، بھارت کی حالت یہ ہے کہ پانچ پانچ، آٹھ آٹھ ہزار روپے کی نوکری کیلئے بھی لائنیں لگ رہی ہیں، دوسری طرف مودی حکومت نے برکس سمٹ پر نئی دلی کی سڑکوں کے کنارے ٹینٹ لگا کر شہری غربت چھپانے کی ناکام کوشش کی، کچی آبادیوں کے کنارے ٹینٹ لگائے جانے سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے جبکہ روزگار متاثر ہونے پر شہری انتظامیہ پر پھٹ پڑے، نئی دہلی کی کچی بستیوں کے رہائشیوں کا کہنا تھا کہ مودی حکومت پردے لگا کر غربت کو چھپانے کی کوشش کر رہی ہے لیکن حقیقت چھپائی نہیں جاسکتی۔

بقیہ 44

ایران کے ساتھ جاری جنگ مڈٹرم انتخابات کے بعد ختم ہوجائے گی، ایسا کوئی معاہدہ قبول نہیں کروں گا جو ہمارے لیے قابل قبول نہ ہو۔ذرائع ابلاغ کے مطابق آئرلینڈ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران بھی جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرسکتا اور ایران امریکا کے ساتھ معاہدہ کرنے کے لیے بے تاب ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر امریکی نمائندے ایرانی حکام سے ملاقات کریں تو انہیں اس پر کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔ یوکرین کے معاملے پر بات کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ان کی یوکرینی صدر ولودیمیر زیلنسکی سے بھی گفتگو ہوئی ہے۔انہوں نے زیلنسکی پر زور دیا کہ روس میں تیل کی تنصیبات کو نشانہ بنانا بند کرنا ہوگا۔امریکی صدر نے کہا کہ امریکا وینزویلا سے بڑی مقدار میں تیل حاصل کر رہا ہے، جبکہ وینزویلا میں انتخابات اس وقت ہوں گے جب حالات سازگار ہوں گے۔ڈونلڈ ٹرمپ نے مزید کہا کہ امریکا میں دنیا کی سب سے کم شرح سود ہونی چاہیے اور امریکی معیشت تیزی سے ترقی کر رہی ہے، مصنوعی ذہانت کے حوالے سے امریکی صدر کا کہنا تھا کہ جو بھی اس شعبے میں سبقت لے جائے گا، وہی کامیاب ہوگا۔

بقیہ 45

رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ ایران سے منسلک ایک گروپ نے فوجی نقشے اور سیٹلائٹ تصاویر جمع کیں اور جہازوں کے مواصلاتی نظام کی کمزوریاں معلوم کرنے کی کوشش کی۔ رپورٹ کے مطابق یہ معلومات مصنوعی ذہانت کے جدید ماڈل کلاڈ کی مدد سے اکٹھی کی جارہی تھی تاہم اینتھروپک نے اس سرگرمی کا سراغ لگانے کے بعد اسے ڈیفیوز کر دیا۔ کمپنی نے اس حوالے سے ایسی دیگر سرگرمیوں اور خطرات پر مستقل رپورٹ جاری کر دی۔ ممکنہ خطرات میں میزائلوں کی تیاری، نفسیاتی جنگ اور مخالفین کی جاسوسی شامل ہیں۔ یاد رہے کہ رواں سال فروری میں ایران پر امریکا اور اسرائیل کے مشترکہ حملوں میں 550 سے زائد افراد جاں بحق ہوگئے جن میں آیت اللہ خامنہ ای، ان کے اہل خانہ اور اعلی دفاعی افسران و کمانڈرز شامل ہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اس نہایت درستگی کے ساتھ کیے گئے حملے میں مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے استعمال کا انکشاف سامنے آیا ہے۔ امریکی فوج کی سینٹرل کمانڈ نے ایران کے خلاف حملوں کے دوران سان فرانسسکو کی اے آئی کمپنی اینتھر وپک کے تیار کردہ مصنوعی ذہانت کے ٹول کلاڈ کو مختلف فوجی مقاصد کے لیے استعمال کیا۔ تاریخی کتابیں دریافت کریں۔

بقیہ 46

کوئٹہ کینٹ جاکر گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو، سیاسی و قبائلی رہنما نوابزادہ حاجی میر لشکری رئیسانی، اے این پی کے رکن بلوچستان اسمبلی ملک نعیم بازئی، جماعت اسلامی کے رہنما مولانا عبدالمتین اخندزادہ، مولانا انوار الحق حقانی امان اللہ ناصر سمیت قبائلی و سیاسی رہنماؤں اور مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

بقیہ 47

زاید آل نہیان کی نگرانی میں متحدہ عرب امارات ہیٹی میں انسانی بحران سے متاثرہ افراد کی مدد کے لیے 10 ملین امریکی ڈالر کی ہنگامی امداد فراہم کر رہا ہے۔ یہ امداد امارات ریڈ کریسنٹ کے ذریعے فراہم کی جائے گی، جس میں خوراک کی بنیادی اشیا، رہائش کے لیے ضروری سامان، صحت، صاف پانی، صفائی ستھرائی اور حفظانِ صحت کی سہولیات کے ساتھ ساتھ ادویات، طبی سامان اور آلات شامل ہوں گے۔ امدادی پروگرام کا مقصد ہیٹی میں اندرونِ ملک بے گھر ہونے والے افراد اور سب سے زیادہ کمزور طبقات کی بڑھتی ہوئی ضروریات پوری کرنا بھی ہے۔ یہ امدادی پروگرام بیرونِ ملک متحدہ عرب امارات کے مشنز، بین الاقوامی تنظیموں اور متعلقہ انسانی امدادی اداروں کے تعاون اور رابطے سے نافذ کیا جائے گا۔ اس سے زمینی سطح پر رابطہ کاری بہتر بنانے، ترجیحات اور حقیقی ضروریات کا تعین کرنے اور امداد کو زیادہ ضرورت مند افراد اور علاقوں تک پہنچانے میں مدد ملے گی۔ امارات ریڈ کریسنٹ نے بتایا ہےکہ امدادی پروگرام کے نفاذ کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ پہلے مرحلے میں خوراک، رہائش، صحت، پانی اور صفائی کی فوری ضروریات پر توجہ دی جائے گی۔ اس کے علاوہ مقامی اداروں اور انسانی امدادی شراکت داروں کی صلاحیتوں کو بھی مضبوط کیا جائے گا تاکہ بڑھتے ہوئے تشدد اور وسیع پیمانے پر نقل مکانی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے انسانی، سکیورٹی اور لاجسٹک مسائل سے نمٹا جا سکے۔ امارات ریڈ کریسنٹ نے کہا کہ وہ اپنے شراکت داروں کے ساتھ مل کر ہیٹی کی انسانی صورتحال کی مسلسل نگرانی کر رہا ہے تاکہ بدلتی ہوئی ضروریات کی نشاندہی کی جاسکے اور بحران کے اثرات کو کم کرنے کے لیے ضروری مدد فراہم کی جا سکے۔ واضح رہے کہ ہیٹی اس وقت شدید انسانی بحران کا سامنا کر رہا ہے، جس کی بڑی وجوہات بڑھتا ہوا تشدد، عدم تحفظ اور بنیادی سہولیات کی کمی ہیں۔ تازہ بین الاقوامی اعداد وشمار کے مطابق ہیٹی میں 10 لاکھ سے زائد افراد اندرون ملک بے گھر ہو چکے ہیں، جن میں تقریباً نصف بچے ہیں جبکہ لاکھوں افراد کو غذائی عدم تحفظ کا سامنا ہے اور انہیں فوری انسانی امداد کی ضرورت ہے۔

بقیہ 48

کی آواز کو ہر فورم تک پہنچانے میں اہم اور قابل قدر کردار ادا کیا۔ انہوں نے ہمیشہ بلوچستان کے عوام کے مسائل، مشکلات اور محرومیوں کو اجاگر کیا اور مظلوم و محروم طبقات کی آواز بن کر اپنا صحافتی فریضہ ادا کیا انکی بلوچستان کے عوام اور شعبہ صحافت کیلئے خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ دریں اثناء سابق ڈپٹی میئر حاجی میر یونس بلوچ نے سینئر فوٹو جرنلسٹ موسیٰ فرمان کے انتقال پر انتہائی دکھ اور رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے موسیٰ فرمان کے اہل خانہ اور لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا ہے

بقیہ 49

کاشف حیدری نے روزنامہ جنگ کے ریزیڈنٹ ایڈیٹر وسینئر صحافی سید خلیل الرحمن اور کوئٹہ پریس کلب کے فوٹو جرنلسٹ موسیٰ فرمان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی صحافتی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں کاشف حیدری نے کہا کہ سید خلیل الرحمن ایک منجھے ہوئے، تجربہ کار اور باوقار صحافی تھے، جنہوں نے طویل عرصے تک صحافت کے میدان میں گراں قدر خدمات انجام دیں۔ ان کی وفات سے بلوچستان کی صحافتی برادری ایک اہم اور تجربہ کار شخصیت سے محروم ہوگئی ہے، جبکہ ان کی صحافتی خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ موسیٰ فرمان نے بھی طویل عرصے تک کوئٹہ کی صحافتی برادری کے ساتھ وابستہ رہتے ہوئے فرض شناسی، بہادری اور پیشہ ورانہ لگن کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں انجام دیں۔ اپنی محنت، صلاحیت اور پیشہ ورانہ وابستگی کی بدولت انہوں نے صحافت میں نمایاں مقام حاصل کیا، ان کی خدمات بھی ناقابلِ فراموش ہیں۔

ضلع شیرانی میں ترقی کا نیا سفر، ترقیاتی منصوبوں سے عوامی سہولیات اور معیارِ زندگی میں نمایاں بہتری

فیز ون اور ٹو کے تحت ضلع شیرانی میں مجموعی طور پر 116 ترقیاتی منصوبے منظور کئے گئے، جن میں سے 115 منصوبے مکمل ہوچکے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت ضلع شیرانی میں ترقیاتی منصوبوں نے علاقے میں تعمیر و ترقی کی نئی بنیاد رکھ دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق فیز ون اور ٹو کے تحت ضلع شیرانی میں مجموعی طور پر 116 ترقیاتی منصوبے منظور کئے گئے جن میں سے 115 منصوبے مکمل ہوچکے ہیں، بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت ان منصوبوں کیلئے مجموعی طور پر 689.99 ملین روپے مختص کیے گئے ہیں، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے ضلع (بقیہ 29 صفحہ 3پر)

ہرنائی، کوئلہ کان میں گیس دھماکا، 4 کان کن جاں بحق، 5 مزدور بحفاظت ریسکیو

ہرنائی (این این آئی) ہرنائی میں واقع کوئلے کی کان میں گیس دھماکے کے بعد پاک فوج نے ریسکیو آپریشن مکمل کر لیا، کان کے اندر پھنسے 5 مزدوروں کو زندہ بچا لیا گیا۔ حادثے میں 4 کان کن جاں بحق اور 5 زخمی ہوئے ہیں۔

صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے، رانا ثنا اللہ

صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر ابھی بہت وقت ہے، چھ سے آٹھ ماہ لگتے نظر آتے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ صوبوں کی تقسیم کا معاملہ پارلیمنٹ میں آیا تو ہر کوئی اپنی رائے دے گا، صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے، صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر ابھی بہت وقت ہے، صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر پارلیمانی یا اسٹینڈنگ کمیٹی بن سکتی ہے، صوبوں کے معاملے پر چھ سے آٹھ ماہ لگتے نظر آتے ہیں۔ لاہور میں سینئر صحافیوں سہیل وڑائچ، مجیب الرحمان شامی، سلمان غنی، حفیظ اللہ نیازی اور سلیم بخاری سمیت دیگر سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کے پراجیکٹ پر مبینہ طور پر مسلم لیگ (ن) سے گفتگو ہوئی ہوگی، اگر پراجیکٹ بنانے والوں نے (ن) لیگ سے بات کی اور ہم نے اسے (بقیہ 28 صفحہ 3پر)

تین عالمی ایونٹس فوڈ ایشیاء، انٹرنیشنل انڈسٹری ایکسپو اور بیوٹی ایشیاء کا ایکسپو میں انعقاد

ایونٹس میں 50 ہزار سے زائد افراد کی شرکت اور 150 ملین ڈالر سے زائد کی کاروباری سرگرمی متوقع ہے

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے ایکسپو سنٹر میں تین اہم عالمی ایونٹس فوڈ ایشیاء، انٹرنیشنل انڈسٹری ایکسپو اور بیوٹی ایشیاء کا انعقاد جاری ہے۔ ایونٹس کا انعقاد ای کامرس گیٹ وے، ایس آئی ایف سی کی اسٹریٹجک شراکت داری سے کر رہا ہے۔ عالمی و مقامی کاروباری نمائندے تینوں ایونٹس میں تجارت، سرمایہ کاری اور شراکت داری کے مواقع تلاش کریں گے۔ ایونٹس میں 50 ہزار سے زائد افراد کی شرکت اور 150 ملین ڈالر سے زائد کی کاروباری سرگرمی متوقع ہے۔

خطے کی غیر یقینی صورتحال کے باوجود پاکستان کی ایران سے درآمدات میں اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) خطے کی غیر یقینی صورتحال کے باوجود پاکستان کی ایران سے درآمدات میں اضافہ ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے 2 ماہ کے دوران پاکستان کی ایران سے درآمدات کا حجم 24 (بقیہ 27 صفحہ 3پر)



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، میر صادق سنجرانی، پارلیمنٹیرینز، سینئر اور سابق گورنر ملک عبدالولی خان کاکڑ سابق سینیٹر نصیب اللہ خان بازئی کی وفات پر تعزیت وفاتحہ خوانی کررہے ہیں

کوئٹہ سمیت پورے بلوچستان میں زبان بندی اور خوف کی وجہ سے سناٹا چھایا ہوا ہے

وفاقی وصوبائی حکومت بہتر گورننس، کرپشن سے پاک ادارے، انصاف اور امن فراہم کرنے میں مکمل ناکام ہوچکی ہیں، رمضان اچکزئی

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز اور بلوچستان لیبر فیڈریشن کے رہنماؤں محمد رمضان اچکزئی، خان زمان، بشیر رند، حسن خان، محمد یار علیزئی، سید آغا محمد، ملک افتخار، عابد بٹ اور دیگر نے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ سمیت پورے بلوچستان میں زبان بندی اور خوف کی وجہ سے سناٹا چھایا ہوا ہے وفاقی وصوبائی حکومت بہتر گورننس، کرپشن سے پاک ادارے، انصاف اور امن فراہم کرنے میں مکمل ناکام ہوچکی ہیں۔

سید خلیل الرحمن اور موسیٰ فرمان کے انتقال پر کاشف حیدری کا اظہار افسوس

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان (بقیہ 49 صفحہ 3پر)

ایف بی آر نے 35 لاکھ چھوٹے تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے مہم شروع کردی

20 کروڑ روپے تک سالانہ ٹرن اوور والے دکانداروں کو ایک فیصد ٹیکس دینا ہوگا

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے 35 لاکھ چھوٹے تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے مہم شروع کردی۔ ایف بی آر نے رجسٹریشن کیلئے اردو اور علاقائی زبانوں میں ایک صفحے کا سادہ فارم جاری کردیا ہے، 20 کروڑ روپے تک سالانہ ٹرن اوور والے دکانداروں کو ایک فیصد ٹیکس دینا ہوگا، سکیم کے تحت دکانداروں کو کم ازکم 25 ہزار روپے ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ اہل دکانداروں کو پی او ایس اور ڈیجیٹل انوائسنگ سے استثنیٰ حاصل ہوگا۔

ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع ایک ایماندار، محنت کش اور عوام دوست افسر ہیں، ملک نجور

لورالائی (این این آئی) لورالائی کلی کچھ عمقرئی کے رہائشی ملک نجور نے ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی انتظامی صلاحیتوں، محنت، دیانت داری اور عوامی خدمت کے جذبے کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ایک ایماندار، محنت کش، فرض شناس اور عوام دوست افسر کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں۔

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے پشاور ریوائٹلائزیشن پلان کے تحت مزید دو اہم منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھ دیا

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے پشاور ریوائٹلائزیشن پلان کے تحت مزید دو اہم منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھ دیا جن میں شہر کی اہم شاہراہوں (بقیہ 34 صفحہ 3پر)

بلوچستان، ریاست مخالف بیانیے کے 16 ہزار 367 سائٹس بند

سماجی رابطوں کی میڈیا پر ریاست مخالف بیانیے کے 20 ہزار 117 سائٹس کی نشان دہی کی گئی، سیکریٹری داخلہ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے محکمہ داخلہ نے سماجی رابطوں کی ویب سائٹس پر جاری ریاست مخالف بیانیے کے خلاف اقدامات کرتے ہوئے 16 ہزار 367 سائٹس بند کردی۔ سیکرٹری داخلہ بلوچستان حمزہ شفقات نے بتایا کہ ریاست مخالف بیانیے کے خلاف محکمہ داخلہ نے اقدامات کیے اور سماجی رابطوں کی میڈیا پر ریاست مخالف بیانیے کے 20 ہزار 117 سائٹس کی نشان دہی کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ ریاست مخالف بیانیے کے 16 ہزار 367 سائٹس کو بند کیا گیا ہے۔

جنگ ستمبر کا 13 واں روز، پاکستانی فوج کا باؤ ریلوے سٹیشن پر قبضہ

بھارت کو لڑائی کے پہلے 8 دنوں میں تقریباً اپنی آدھی فوجی طاقت کا نقصان اٹھانا پڑا، 209 ٹینک اور 140 جنگی طیارے شامل

راولپنڈی (این این آئی) ستمبر 1965 کی جنگ کے 13 ویں روز بھارتی حکومت نے صحافیوں کو جنگی علاقوں میں جانے اور شفاف رپورٹنگ سے روک دیا۔ پاکستانی فوج نے بھارتی فوج کی پیش قدمی کو روکتے ہوئے باؤ ریلوے سٹیشن پر قبضہ کر لیا، بھارت کو لڑائی کے پہلے 8 دنوں میں تقریباً اپنی آدھی فوجی طاقت کا نقصان اٹھانا پڑا جس میں 209 ٹینک اور 140 جنگی طیارے شامل ہیں۔

پی ٹی آئی کا مارچ نہیں ہوگا، یہ مارچ کرتے نظر نہیں آرہے، شیر افضل مروت

بات چیت چل رہی ہے مارچ کینسل کیا جائے تو بشریٰ بی بی کو ریلیف دیا جاسکتا ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا مارچ نہیں ہو گا، یہ مارچ کرتے نظر نہیں آرہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ میں نے زندگی میں کسی کے کہنے پر بھی کچھ نہیں کیا، سہیل آفریدی نے بانی پی ٹی آئی کی رہائی کیلئے کچھ نہیں کیا۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ میرے فنڈز منجمد کیے گئے، میرے پاس آئینی اور قانونی جواز ہیں کہ سہیل آفریدی سے کے پی کو چھٹکارا دلاؤں، سہیل آفریدی کے (بقیہ 26 صفحہ 3پر)

القدس سے غزہ تک، انروا نے اسرائیلی پابندیوں کی تفصیلات پر سے پردہ اٹھا دیا

اسرائیلی حکومت کی طرف سے عائد کردہ بہت سی رکاوٹوں کا سامنا ہے، انروا میڈیا ایڈوائزر عدنان ابو حسنہ

غزہ (این این آئی) فلسطینی پناہ گزینوں کی امداد اور بحالی کی ایجنسی ''انروا'' نے مشرقی القدس، مغربی کنارے اور غزہ کی پٹی میں اپنے کام کو درپیش ان اقدامات کی شدت کا انکشاف کیا ہے جنہیں اس نے اسرائیلی پابندیاں قرار دیا ہے۔ یہ صورتحال ایجنسی کو درپیش مالی بحران کے ساتھ سامنے آئی۔ انروا نے لاکھوں فلسطینی پناہ گزینوں کو فراہم کی جانے والی خدمات پر اس کے اثرات کے بارے میں خبردار کیا۔

12 ہزار غیر قانونی تارکین کو ان کے ملک واپس بھیجا گیا، سعودی عرب

غیر قانونی طور پر مملکت میں داخل ہونے کی کوشش پر ایک ہزار 273 افراد کو حراست میں لیا گیا، وزارت داخلہ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے حکام نے اقامہ، لیبر اور بارڈر سکیورٹی کی مزید 14 ہزار 796 خلاف ورزیاں ریکارڈ کی ہیں اور 12 ہزار 57 غیر قانونی تارکین کو ان کے ملک واپس بھیج دیا۔ سعودی عرب کی وزارت داخلہ نے گزشتہ روز بیان میں بتایا کہ 3 سے 9 ستمبر کے درمیان مجموعی طور پر 7 ہزار 504 اقامہ قانون، 3 ہزار 783 بارڈر سکیورٹی اور 3 ہزار 509 لیبر قوانین کی خلاف ورزیاں ریکارڈ کی گئیں۔ غیر قانونی طور پر مملکت میں داخل ہونے کی کوشش پر ایک ہزار 273 افراد کو حراست میں لیا گیا، ان میں 55 فیصد ایتھوپین، 44 فیصد یمنی اور ایک فیصد دیگر ممالک سے تعلق رکھتے ہیں۔ علاوہ ازیں مزید 25 ایسے افراد کو بھی پکڑا گیا، جو سرحد پار کر کے مملکت سے ہمسایہ ممالک (بقیہ 32 صفحہ 3پر)

جھالاوان مزید سانحات اور افسوسناک واقعات کا متحمل نہیں ہوسکتا، امیر حمزہ خان زہری

زہری میں پائیدار امن، تعلیم، صحت اور کاروباری سرگرمیوں کی بحالی کے لیے حکومت ہر ممکن تعاون کرے گی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے زہری سمیت جھالاوان کے قبائلی عمائدین، سیاسی اکابرین اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں پر مشتمل وفود نے ملاقات کی ملاقات کے دوران جھالاوان، بالخصوص زہری میں قیام امن اور روزمرہ زندگی کی بحالی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے خطے میں پائیدار امن کے قیام اور معمولاتِ زندگی کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفود سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی مشیر بلدیات و دیہی (بقیہ 33 صفحہ 3پر)



کوئٹہ، بنو قابل آئی ٹی لیب لورالائی افتتاحی تقریب مرکز اسلامی لورالائی سے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ، ضلعی امیر عبدالحمید ناصر ودیگر خطاب کررہے ہیں

اسلام آباد پولیس کی کارروائی، تاوان کی غرض سے اغوا غیر ملکی بحفاظت بازیاب

غیر ملکی شہری کو سیکٹر G-8 سے اسلحہ کے زور پر اغوا کیا گیا تھا، ترجمان اسلام آباد پولیس

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کی بروقت اور موثر کارروائی میں ایک لاکھ امریکی ڈالر تاوان کی غرض سے اغوا کیے گئے غیر ملکی شہری کو بحفاظت بازیاب کرا لیا گیا۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق غیر ملکی شہری کو آج صبح سیکٹر G-8 سے اسلحہ کے زور پر اغوا کیا گیا تھا، ترجمان نے بتایا کہ ملزمان نے رہائی کے بدلے ایک لاکھ امریکی ڈالر تاوان طلب کیا۔

پشتونخوامیپ کا سینیٹر نصیب اللہ خان بازئی کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوامیپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹری نواب ایاز خان جوگیزئی، مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، صوبائی (بقیہ 35 صفحہ 3پر)

متحدہ عرب امارات نے ہیٹی میں انسانی امداد کے لیے 10 ملین ڈالر مختص کردیئے

اس سے زمینی سطح پر رابطہ کاری بہتر بنانے، ترجیحات اور حقیقی ضروریات کا تعین کرنے اور امداد کو زیادہ ضرورت مند افراد اور علاقوں تک پہنچانے میں مدد ملے گی

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات نے ہیٹی میں انسانی امداد کے لیے 10 ملین ڈالر مختص کر دیئے۔ اماراتی نیوز ایجنسی کے مطابق متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید آل نہیان کی ہدایات اور الظفرہ ریجن کے حکمران کے نمائندے اور امارات ریڈ کریسنٹ اتھارٹی کے چیئرمین شیخ حمدان بن زاید آل نہیان کی نگرانی میں متحدہ عرب امارات ہیٹی میں (بقیہ 36 صفحہ 3پر)

انٹیلی جنس ایجنسیوں کی جانب سے فوری نوعیت کے خطرات کی اطلاعات

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ نے قانون نافذ کرنے والے اداروں اور انٹیلی جنس ایجنسیوں کی جانب سے فوری نوعیت کے خطرات کی اطلاعات کے بعد صوبہ بھر میں 17 ستمبر تک دفعہ 144 نافذ کردی۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے دفعہ 144 کے نفاذ کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔

پاکستان موجودہ حالات میں سیاسی بے یقینی، محاذ آرائی کا متحمل نہیں ہوسکتا' شرف بھٹی

سیاسی جماعتیں مذاکرات کی میز پر بیٹھ کر مسائل کا حل تلاش کریں' صدر آل پاکستان انجمن تاجران

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ خطے کی موجودہ صورتحال، ملک میں سکیورٹی کے چیلنجز اور معیشت کی وجہ سے ملک کے حالات کسی بھی قسم کی سیاسی بے یقینی اور محاذ آرائی کے متحمل نہیں ہو سکتے، اپیل ہے کہ سیاسی جماعتیں مذاکرات کی میز پر بیٹھ کر مسائل کا حل تلاش کریں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت کئی محاذوں پر اہم چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے، ایسے حالات میں سیاسی کشیدگی اور احتجاجی سرگرمیوں سے معیشت اور کاروباری سرگرمیوں پر منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اختلافات جمہوری عمل کا حصہ ہیں تاہم قومی مفاد کا تقاضہ ہے کہ تمام سیاسی قوتیں افہام وتفہیم اور مذاکرات کا راستہ اختیار کریں۔ اشرف (بقیہ 38 صفحہ 3پر)

اتحاد اور تعاون ہمیشہ برکس تعاون کے ڈھانچے کی ترقی کی طاقت کا ذریعہ رہے ہیں، چینی صدر

نئے عہد کی ذمہ داریاں نبھاتے ہوئے پیش رو قوت بنیں اور بنی نوع انسان کے ہم نصیب معاشرے کی تعمیر کو آگے بڑھائیں، شی جن پنگ

نئی دہلی (این این آئی) چینی صدر شی جن پھنگ نے نئی دہلی میں برکس ممالک کے رہنماؤں کی 18 ویں ملاقات کے پہلے مرحلے میں شرکت کی اور ''عہد حاضر کی (بقیہ 37 صفحہ 3پر)

متحدہ عرب امارات نے ہیٹی میں انسانی امداد کے لیے 10 ملین ڈالر مختص کردیئے

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات نے ہیٹی میں انسانی امداد کے لیے 10 ملین ڈالر مختص کر دیئے۔ اماراتی نیوز ایجنسی کے مطابق متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید آل نہیان کی ہدایات اور الظفرہ ریجن کے حکمران کے نمائندے اور امارات ریڈ کریسنٹ اتھارٹی کے چیئرمین شیخ حمدان بن (بقیہ 47 صفحہ 3پر)

سابقہ ڈپٹی میئر حاجی میر یونس بلوچ کا سینئر صحافی حاجی خلیل الرحمن اور فوٹو جرنلسٹ موسیٰ فرمان کے انتقال پر تعزیت کا اظہار

کوئٹہ (این این آئی) سابقہ ڈپٹی میئر حاجی میر یونس بلوچ نے روزنامہ جنگ کوئٹہ کے چیئرمین ایڈیٹوریل کمیٹی سید حاجی خلیل الرحمان کے انتقال پر گہرے رنج اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ان کی وفات بلوچستان کے صحافتی، سیاسی اور سماجی حلقوں کے لیے ایک بڑا نقصان ہے حاجی خلیل الرحمٰن نے بلوچستان (بقیہ 48 صفحہ 3پر)



جیوانی اسسٹنٹ کمشنر طارق گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول گنز میں زیر تعمیر اضافی کمروں کے تعمیراتی کام کا معائنہ اور معیار کا جائزہ لے رہے ہیں

معیاری بیج زرعی پیداوار، کسان کی آمدن میں اضافے کی بنیاد ہے' پی ایس سی

تصدیق شدہ بیج کے فروغ سے فی ایکڑ پیداوار بڑھانے پر توجہ مرکوز ہے' ترجمان

لاہور (این این آئی) پنجاب سیڈ کارپوریشن کے ترجمان نے کہا ہے کہ معیاری اور تصدیق شدہ بیج کا فروغ زرعی پیداوار میں اضافے، فی ایکڑ پیداوار بہتر بنانے اور کسانوں کی آمدن بڑھانے کیلئے بنیادی اہمیت رکھتا ہے، اس مقصد کیلئے معیاری بیجوں کی تیاری اور کسانوں کو بروقت فراہمی پر بھرپور توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ کسانوں کو معیاری بیج کی بروقت دستیابی یقینی بنانا زرعی پیداوار میں اضافے کیلئے ناگزیر ہے



اسلام آباد، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن پریس کانفرس کررہے ہیں

کیمیائی کھادوں کا حد سے زیادہ استعمال زمین، پانی، ماحول کیلئے سنگین خطرہ ہے' نجم مزاری

ہر سال تقریباً 200 ملین ٹن ردعمل پذیر نائٹروجن ماحول میں خارج یا ضائع ہوجاتی ہے

لاہور (این این آئی) آرگینک زراعت اور مصنوعات پر ریسرچ کرنے والے ادارے کے سربراہ نجم مزاری نے کہا ہے کہ دنیا کے کئی ممالک بتدریج کیمیائی کھادوں کے غیرضروری استعمال میں کمی جبکہ عالمی ادارے بھی متوازن غذائی انتظام اور ماحول دوست زرعی طریقوں کے فروغ کی سفارش کررہے ہیں

پنجاب کے بیشتر اضلاع میں 17 ستمبر تک بارشوں کی نوید

اسلام آباد، راولپنڈی، چکوال، مری میں بارش، لاہور سمیت کئی شہروں میں اربن فلڈنگ، مری، گلیات میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ

لاہور (این این آئی) پنجاب میں مون سون بارشوں کے نواں اور آخری سپیل کے پیش نظر صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے الرٹ جاری کر دیا۔ ترجمان صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے 17 ستمبر تک صوبے کے بیشتر اضلاع میں بارشوں کا امکان ظاہر کردیا۔

ایم کیو ایم بدترین ناکامی کے بعد صوبہ کارڈ کھیل رہی ہے، قادر پٹیل

ایم کیو ایم نے جب بھی عوامی حمایت کھوئی ہے اس نے تقسیم اور نئے صوبے کا شوشہ چھوڑا، رہنما پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی قادر پٹیل نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم بدترین ناکامی کے بعد صوبہ کارڈ کھیل رہی ہے، ایم کیو ایم نے جب بھی عوامی حمایت کھوئی ہے اس نے تقسیم اور نئے صوبے کا شوشہ چھوڑا۔ خالد مقبول صدیقی کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے (بقیہ 39 صفحہ 3پر)



صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو سے مختلف وفود ملاقات کررہے ہیں

بلوچستان میں سرکاری ملازمتوں کی مبینہ خرید و فروخت کا معاملہ پھر گرم ہوگیا

وزیر خوراک بلوچستان نور محمد نے محکمہ جنگلات میں ملازمتوں کی مبینہ فروخت کا الزام لگایا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں سرکاری ملازمتوں کی مبینہ خرید و فروخت کا معاملہ ایک بار پھر گرم ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیر خوراک بلوچستان نور محمد نے محکمہ جنگلات میں ملازمتوں کی مبینہ فروخت کا الزام لگایا ہے اس حوالے سے نور محمد نے بتایا کہ 10 لاکھ، 15 لاکھ اور 20 لاکھ روپے میں سرعام پوسٹیں دی جا رہی ہیں۔ ادھر بلوچستان حکومت نے تقریبا 300 آسامیوں پر بھرتیوں میں بے ضابطگیوں کی شکایات پر تحقیقات کا حکم دے دیا۔

بلوچستان میں گندم کے بحران کا خطرہ منڈلانے لگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں گندم کے بحران کا خطرہ منڈلانے لگا۔ محکمہ اجناس کے مطابق بلوچستان حکومت نے 5 لاکھ بوری گندم کی خریداری کی منظوری دی ہے، حکومت کے پاس سرکاری گودام میں گندم کی ایک بوری بھی موجود نہیں۔

ایران سعودی عرب کے ساتھ حالتِ جنگ میں نہیں، ایرانی صدر

امریکا، اسرائیل اور یورپی ممالک چاہتے ہیں علاقے میں کوئی ملک آزاد نہ رہے، بیان

تہران (این این آئی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران سعودی عرب کے ساتھ حالتِ جنگ میں نہیں ہے، حوثیوں کے اپنے مسائل ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ خطے کے تمام ممالک کو ایک میز پر بیٹھ کر خطے میں امن اور سلامتی قائم کرنی چاہیے۔ آج (پیر کو) مسقط میں آبنائے ہرمز پر ایران اور عمان کے درمیان متوقع معاہدے کے بارے میں ایرانی صدر نے کہا کہ اجلاس میں وہ تمام ممالک شریک ہوں گے جن کی سرزمین سے ایران پر حملہ کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ایران اپنے بین الاقوامی حقوق چاہتا ہے، جنگ نہیں اب بھی امن کو ترجیح دیتے ہیں۔ مسعود پزشکیان کا کہنا تھا کہ امریکا، اسرائیل اور یورپی ممالک چاہتے ہیں علاقے میں کوئی ملک آزاد نہ رہے۔

بلوچستان کے سرکاری کالجز میں تقریبات اور تنظیمی سرگرمیوں پر پابندی

مجاز اتھارٹی کی پیشگی اجازت کے بغیر کسی تنظیم یا گروپ کو تقریب کی اجازت نہیں ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کے تمام سرکاری کالجز میں تقریبات اور تنظیمی سرگرمیوں پر پابندی عائد کردی گئی۔ کوئٹہ سے جاری احکامات کے مطابق تمام سرکاری بوائز، گرلز، پوسٹ گریجویٹ، ڈگری اور انٹر کالجز میں پابندی ہوگی، مجاز اتھارٹی کی پیشگی اجازت کے بغیر کسی تنظیم یا گروپ کو تقریب منعقد کرنے کی اجازت نہیں ہوگی، تمام کالجز کے پرنسپلز کو احکامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کردی گئی ہے۔

ہماری جدوجہد کے نتیجے میں حکومت 100 روپے فی لیٹر کا ریلیف دینے پر مجبور ہوئی، حافظ نعیم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی پیٹرول قیمتوں سے متعلق اسکیم پر امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان کا ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہماری جدوجہد کے نتیجے میں حکومت 100 (بقیہ 30 صفحہ 3پر)

ضلعی انتظامیہ کوئٹہ ویسٹ اور سوشل ویلفیئر کے عملے نے مشترکہ کارروائی محکمہ کے دوران 14 گداگروں کو تحویل میں لے لیا

کوئٹہ (این این آئی) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ ویسٹ اور محکمہ سوشل ویلفیئر کے عملے نے مشترکہ کارروائی کے دوران 14 گداگروں کو تحویل میں لے لیا۔



نارووال، نیشنل سپورٹس سٹی میں طالبات شجرکاری کی مناسبت سے وفاقی وزیر احسن اقبال کو پورٹریٹ پیش کررہی ہیں

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد ایک لاکھ 31 ہزار 500 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 55 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام (بقیہ 31 صفحہ 3پر)

نامعلوم سمت سے داغا گیا گولہ آبنائے ہرمز سے گزرتے ہوئے بحری جہاز سے ٹکرا گیا

خطے سے گزرنے والے بحری جہاز محتاط اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری دیں، برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز اتھارٹی

لندن (این این آئی) برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز ایجنسی نے کہا ہے کہ اتوار کی صبح آبنائے ہرمز میں ایک بحری جہاز پر میزائل حملہ ہوا ہے۔ فوری طور پر عملے اور جہاز کو پہنچنے والے ممکنہ نقصان کے بارے میں کچھ معلوم نہیں ہو سکا۔ برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز اتھارٹی نے خطے سے گزرنے والے بحری جہازوں کو محتاط رہنے اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع اتھارٹی کو دینے کی ہدایت کی ہے۔ اتھارٹی نے کہا کہ حکام واقعے کی تحقیقات جاری رکھے ہوئے ہیں۔

بارکھان پولیس نے ٹرک کے خفیہ خانوں سے 29 کلوگرام سے زائد چرس اور 7 کلوگرام آئس برآمد کرلیا

بارکھان (این این آئی) ڈی آئی جی کوہ سلیمان ڈویژن ایاز احمد بلوچ کے احکامات اور ایس پی بارکھان عبدالحق رئیس کی خصوصی ہدایت پر بارکھان پولیس کی جانب سے منشیات کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔

آئی پی پیز معاہدوں، موجودہ لاگت کے ڈھانچے کا ازسرنو جائزہ لیا جائے' حبیب الرحمٰن زبیری

پاور سیکٹر میں بنیادی اصلاحات کرنا ہوں گی، گردشی قرضہ معیشت کیلئے سنگین چیلنج ہے' چیئرمین ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ

لاہور (این این آئی) ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ کے چیئرمین قاری حبیب الرحمٰن زبیری نے کہا ہے کہ آئی پی پیز معاہدوں، اضافی پیداواری صلاحیت اور بجلی کے موجودہ لاگت کے ڈھانچے کا ازسرنو جائزہ ناگزیر ہے، مہنگی توانائی نہ صرف ملکی صنعت، سرمایہ کاری، برآمدات اور کاروباری سرگرمیوں کو متاثر کر رہی ہے بلکہ مستقبل میں ٹیکس بیس بڑھانے کی کوششوں کیلئے بھی مشکلات پیدا کرسکتی ہے۔

ایران نے امریکی جہازوں پر حملوں کیلئے کون سی اے آئی ٹیکنالوجی استعمال کی؟ رپورٹ جاری

تہران (این این آئی) ایران نے امریکی بحری جہازوں کو نشانہ بنانے کیلئے امریکی اے آئی ٹیکنالوجی کا استعمال کیا۔ وال اسٹریٹ جرنل کے مطابق اینتھروپک کی (بقیہ 45 صفحہ 3پر)

42ویں عالمی نمائش میں بڑے پیمانے پر برآمدی سودے ہونے کا امکان ہے' پی سی ایم ای اے

غیر ملکی خریداروں سے براہ راست ملاقاتوں کو زیادہ سے زیادہ نتیجہ خیز بنایا جائے گا' چیئرمین میاں عتیق الرحمٰن

لاہور (این این آئی) پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین میاں عتیق الرحمٰن اور چیئرمین ایگزیبیشن ریاض احمد نے کہا ہے کہ اگلے ماہ لاہور میں منعقد ہونے والی ہاتھ سے بنے قالینوں کی 42ویں عالمی نمائش کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں، مختلف ممالک سے خریداروں کی رجسٹریشن کا عمل تاحال جاری ہے اور قوی امید ہے کہ عالمی نمائش میں بڑے پیمانے پر برآمدی سودے ہوں گے جس سے نہ صرف ملک کیلئے قیمتی زرمبادلہ حاصل ہوگا بلکہ مشکلات سے دوچار صنعت کو بھی تقویت ملے گی۔

ریاست مخالف بیانیے پر 100 سرکاری ملازمین برطرف، 95 یونیورسٹی اساتذہ شامل ہیں، بابر یوسفزئی

کوئٹہ: محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان نے ریاست مخالف بیانیہ چلانے کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 100 سرکاری ملازمین کو ملازمتوں سے برطرف کردیا، برطرف ہونے والوں میں 95 یونیورسٹی اساتذہ بھی شامل ہیں۔

ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے امریکا کو 7 شرائط پیش کردیں

عمان کے ساتھ پیر کو طے پانیوالے معاہدے کے نتیجے میں آبنائے ہرمز کھولی نہیں جائے گی، غیر ملکی میڈیا

تہران (این این آئی) ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے امریکا کو سات شرائط پیش کردیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایران نے ساتھ ہی واضح کیا کہ سلطنت عمان کے ساتھ پیر کو طے پانیوالے معاہدے کے نتیجے میں آبنائے ہرمز کھولی نہیں جائے گی۔ روسی میڈیا کے مطابق ایران نے ثالثوں کے ذریعے امریکا کو سات شرائط پیش کی ہیں، ان شرائط کی تفصیل ظاہر نہیں کی گئی۔ روسی میڈیا کے مطابق اتنا کہا گیا ہے کہ ایران نے امریکا پر واضح کیا ہے کہ شرائط پوری نہ ہوئیں تو آبنائے ہرمز نہیں کھولی جائے گی۔ ایران کی وزارت خارجہ کا کہنا تھا کہ تہران پیر کو مسقط میں اجلاس کی میزبانی کرے گا جس میں عراق اور خلیجی ممالک کے مندوبین بھی شرکت کریں گے۔ ان ممالک کو دعوت دینے کا مقصد انہیں نئے رستہ کی تفصیل اور ٹرانزٹ کے انتظامات سے آگاہی دینا بتایا گیا ہے۔

نائن الیون حملے کے 25 سال مکمل ہونے پر افغانستان میں القاعدہ دوبارہ منظم، 8 اڈے قائم

افغانستان میں القاعدہ اور داعش خراسان کی سرگرمیوں کی اطلاعات نے نائن الیون کے بعد کے دور کی یادیں تازہ کردی، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) نائن الیون حملوں کے 25 سال بعد افغانستان ایک بار پھر عالمی دہشت گرد تنظیموں کی سرگرمیوں کے حوالے سے بین الاقوامی تشویش کا مرکز بن گیا ہے۔ امریکی اخبار کی ایک رپورٹ کے مطابق طالبان کے دوبارہ اقتدار میں آنے کے بعد القاعدہ اور اس سے وابستہ گروہوں نے افغانستان میں اپنی موجودگی کو منظم کرنا شروع کر دیا اور گزشتہ چند (بقیہ 41 صفحہ 3پر)

شیخ نصراللہ جان مندوخیل کی اہلیہ کی وفات پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور دیگر کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) شیخ نصراللہ جان مندوخیل کی اہلیہ، سی ای او لیڈرز اوڈیسی سکول اینڈ کالج شیخ زاہد جان مندوخیل، شیخ خالد اور شیخ شاہد کی والدہ کی وفات پر اتوار کو انکی رہائش گاہ واقع پی ایس پی کالونی زرغون روڈ (بقیہ 46 صفحہ 3پر)

بار ایسوسی ایشنز فنڈز کے استعمال میں شفافیت، قانونی تقاضوں، قواعد وضوابط کی پابندی کو یقینی بنائیں، پنجاب بار کونسل

فنانس کمیٹی کی جانب سے مختلف بار ایسوسی ایشنز کے آڈٹ کے دوران مالی معاملات کا جائزہ لینے کے بعد احکامات

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چودھری قیصر نذیر ساہی اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی ارشد علی ہنجرا نے صوبے بھر کی بار ایسوسی ایشنز کو مالی معاملات کے درست استعمال کے حوالے سے سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ بار ایسوسی ایشنز کے فنڈز کسی عہدیدار، کمیٹی یا فرد کے ذاتی یا صوابدیدی استعمال کے لیے نہیں ہیں (بقیہ 42 صفحہ 3پر)

اقوام متحدہ میں میانمار کے نمائندے کی برطرفی، غیر قانونی سرگرمیوں کا الزام

ینگون (این این آئی) میانمار فوج کی حمایت یافتہ حکومت نے اتوار کو کہا ہے کہ اقوام متحدہ میں اس کے مستقل نمائندے کیاو مو تون غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہیں۔

برکس سمٹ کے دوران ''شائننگ انڈیا'' کی حقیقت عیاں

حکومت نے دہلی کی سڑکوں کے کنارے ٹینٹ لگا کر غربت چھپانے کی ناکام کوشش کی، بھارتی تجزیہ نگار

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں برکس سمٹ کے آغاز کے ساتھ ہی نااہل مودی سرکار کی معاشی ناکامی پر کھل کر تنقید کی جانے لگی، بھارتی تجزیہ نگار اجے شکلا نے مودی (بقیہ 43 صفحہ 3پر)

آبنائے ہرمز کے معاملے پر عمان سے مفاہمت ہوگئی، ایرانی صدر

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران نے آبنائے ہرمز کے معاملے پر سلطنتِ عمان کے ساتھ مفاہمت طے کرلی ہے۔ ایرانی خبر رساں ایجنسی نے ایک ایرانی ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ ایران اور عمان نے آبنائے ہرمز میں داخلے اور وہاں سے اخراج کے لیے بحری جہازوں کے نئے راستوں کی تفصیلات پر اتفاق کیا ہے۔

جعفرآباد میں عطائی ڈاکٹر کے غلط انجکشن لگانے سے آٹھ سالہ بچہ زندگی کی بازی ہار گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جعفرآباد میں عطائی ڈاکٹر کے غلط انجکشن لگانے سے آٹھ سالہ بچہ زندگی کی بازی ہار گیا۔ پولیس کے مطابق جعفرآباد کے علاقے ڈیرہ اللہ یار صحبت پور چوک پر قائم پرائیویٹ کلینک میں ایک عطائی ڈاکٹر نے بخار کے لیے ایک (بقیہ 40 صفحہ 3پر)



گوادر، میر کلمتی انٹرا ایجوکیشنل اسکول اسپورٹس فیسٹیول 2026 کے فٹبال مقابلے کا ایک خوبصورت اور سنسنی خیز منظر